★★★ پاک سرزمین کا نظام..... قوت اخوت عوام ★★★

ABC CERTIFIED

DAILY QUWAT LAHORE

روزنامہ قوت لاہور

چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض

ایڈیٹر
امداد اللہ قریشی

Www.dailyquwat.com Email:dailyquwat786@gmail.com

جلد نمبر 15 | ہفتہ 23 شعبان المعظم 1446ھ، 22 فروری 2025ء 10 پھاگن 2081ب (صفحات 8 قیمت 15 روپے) | شمارہ نمبر 121

سیکیورٹی فورسز کی خیبر بختونخوا کے ضلع کرک میں کارروائی، 6 خوارج ہلاک

علاقے میں مزید کسی بھی دہشت گرد کے خاتمے کے لیے کلیئرنس آپریشن جاری ہے، پاکستان کی سیکیورٹی فورسز ملک سے دہشت گردی کے مکمل خاتمے کے لیے پرعزم ہیں: ڈی جی آئی ایس پی آر

انسانیت کے دشمنوں کے مذموم عزائم کو اسی طرح خاک میں ملاتے رہیں گے، دہشت گردی کے خلاف جنگ میں اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے قوم کے بیٹوں کی قربانیاں ہرگز رائیگاں نہیں جانے دیں گے: وزیراعظم



لندن، آرمی چیف جنرل عاصم منیر برطانیہ میں وارفسٹر اور لارک ہل گیریژن کا دورہ کر رہے ہیں

راولپنڈی (مانیٹرنگ ڈیسک) پاک فوج نے کرک میں آپریشن کرتے ہوئے چھ خوارج کو ہلاک کر دیا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق سیکیورٹی فورسز نے آج 21 فروری کو خوارج کی موجودگی کی اطلاعات پر ضلع کرک میں ایک آپریشن کیا، آپریشن کے دوران پاکستانی فوج کے دستوں نے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 3)

آرمی چیف کا برطانیہ میں وارفسٹر اور لارک ہل گیریژن کا دورہ

برٹش آرمی کے سسٹم اور اے آئی ٹیکنالوجی کا مشاہدہ

آرمی چیف نے مصنوعی ذہانت اور بغیر پائلٹ سسٹمز سمیت جدید ٹیکنالوجیز کا مشاہدہ کیا، آئی ایس پی آر

لندن (یو این پی) آرمی چیف جنرل عاصم منیر نے برطانیہ میں وارفسٹر اور لارک ہل گیریژن کا دورہ کیا، آرمی چیف جنرل سید عاصم منیر نے دورہ برطانیہ کے دوران برٹش آرمی کے سسٹم اور اے آئی ٹیکنالوجی کا مشاہدہ کیا، پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق آرمی چیف جنرل سید عاصم منیر نے برطانوی آرمی چیف جنرل رولینڈ واکر کی دعوت پر وارفسٹر اور لاک ہل گیریژن کا دورہ کیا۔ آرمی چیف کو دورے کے دوران برطانوی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 2)

عدالتی حکم کے باوجود ملاقاتوں کا وقت تبدیل ہو جاتا ہے: عمر ایوب کا چیف جسٹس سے شکوہ

اپوزیشن رہنماؤں کی چیف جسٹس یحییٰ آفریدی سے ملاقات، ملاقات میں چیف جسٹس کے سامنے بانی پی ٹی آئی کے کیسز پر بات ہوئی، عمر ایوب کی میڈیا سے گفتگو

عدالتی احکامات موجود ہیں جہاں ایک ایک فرد پر کئی ایف آئی آرز ہیں، بابر اعوان، لاپتہ افراد کا معاملہ چیف جسٹس کے سامنے رکھا: سلمان اکرم راجہ

اسلام آباد (این این آئی) اپوزیشن رہنماؤں نے چیف جسٹس پاکستان یحییٰ آفریدی سے ملاقات کی۔ پاکستان تحریک انصاف وفد نے چیف جسٹس سے ملاقات کے بعد میڈیا سے گفتگو بھی کی۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے عمر ایوب خان نے کہا کہ ہماری چیف جسٹس یحییٰ آفریدی سے ملاقات ہوئی، گزشتہ جیل ٹرائل میں بانی پی ٹی آئی سے چیف جسٹس سے ملاقات کی اجازت (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 10)

جن کو خط لکھے جا رہے ہیں انہی کے خلاف پروپیگنڈا مہم چلاتے ہیں، عظمیٰ بخاری

نواز شریف، مریم نواز پر بات کیے بغیر آج بھی تحریک فساد کی سیاست نامکمل ہیجب تحریک فساد کے پاس کوئی کارڈ نہیں بچتا تو ''مظلومیت کارڈ'' کھیلنا شروع کر دیتی ہے، وزیر اطلاعات پنجاب

پنجاب حکومت نے بانی پی ٹی آئی سے ملاقاتوں پر کوئی پابندی نہیں لگائی، بانی پی ٹی آئی کی فیملی، ان کے وکلا اور پارٹی رہنما معمول کے مطابق ان سے ملاقاتیں کر رہے ہیں

لاہور (این این آئی) وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری نے کہا ہے کہ جن کو خط لکھے جا رہے ہیں انہی کے خلاف پروپیگنڈا مہم چلاتے ہیں، نواز شریف اور مریم نواز پر بات کیے بغیر آج بھی تحریک فساد کی سیاست نامکمل ہے، جب تحریک فساد کے پاس کوئی کارڈ نہیں بچتا تو ''مظلومیت کارڈ'' کھیلنا شروع کر دیتی ہے۔ وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری نے مشیر اطلاعات خیبر پختونخوا (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 9)



اسلام آباد، وزیراعظم شہباز شریف تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

مریم نواز شریف کا شاندار پنجاب میگا کورسٹ منصوبے کا آغاز

پنجاب کے 170 تاریخی مقامات کو سیاحتی مرکز میں تبدیل کرنے کیلئے میپنگ مکمل، 101 گردوارے، 53 گرجا گھر بھی شامل، پنجاب ٹورازم اینڈ ہیریٹیج اتھارٹی ایکٹ 2024 لاگو

میگا فیسٹ پنجاب پراجیکٹ کے تحت صوبے کو ٹورازم کا مرکز بنائیں گے، سیاحت کے فروغ سے معاشی ترقی ہو گی، پنجاب اور پاکستان کا عالمی امیج دنیا میں نئی شان سے چمکے گا' مریم نواز شریف

راولپنڈی (مانیٹرنگ ڈیسک) پاک فوج نے کرک میں آپریشن کرتے ہوئے چھ خوارج کو ہلاک کر دیا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق سیکیورٹی فورسز نے آج 21 فروری کو خوارج کی موجودگی کی اطلاعات پر ضلع کرک میں ایک آپریشن کیا، آپریشن کے دوران پاکستانی فوج کے دستوں نے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 1)

وزیراعظم کی ریٹیلرز کے مسائل کے حل کیلئے کمیٹی تشکیل دینے کی ہدایت

ایسے ریٹیلرز جو ٹیکس نیٹ میں موجود ہیں ان پر ٹیکس کا مزید بوجھ نہیں ڈالا جائے گا، شہباز شریف

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف نے ریٹیلرز کے مسائل کے حل کیلئے کمیٹی تشکیل دینے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا ہے کہ ایسے ریٹیلرز جو ٹیکس نیٹ میں موجود ہیں ان پر ٹیکس کا مزید بوجھ نہیں ڈالا جائے گا۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف سے پاکستان ریٹیل بزنس کونسل (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 4)

پی ٹی آئی کا 22 مارچ مینار پاکستان جلسے کی اجازت کیلئے لاہور ہائیکورٹ سے رجوع

لاہور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف نے 22 مارچ کو مینار پاکستان پر جلسے کی اجازت کے لیے لاہور ہائی کورٹ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 5)

پنجاب اسمبلی میں سی پی اے ایشیا اور ساؤتھ ایسٹ ایشیا ریجنل کانفرنس کے کامیاب انعقاد پر خصوصی تقریب

پاکستان کو سی پی اے ایشیا کا ریجنل سیکرٹریٹ قرار دینا ایک تاریخی اعزاز ہے: سپیکر

بنگلہ دیش کے ساتھ تعاون کے نئے مواقع پیدا ہو رہے ہیں: ملک محمد احمد خان

بنگلہ دیشی صحافیوں کے وفد کی اسپیکر پنجاب اسمبلی سے ملاقات، دوطرفہ تعلقات کے فروغ پر تبادلہ خیال

لاہور: (خبر نگار) پنجاب اسمبلی میں پہلی سی پی اے ایشیا اور ساؤتھ ایسٹ ایشیا ریجنل کانفرنس کے شاندار انعقاد کے اعتراف میں ایک خصوصی تقریب منعقد کی گئی، جس میں (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 7)

اقتدار سے محرومی کے بعد پی ٹی آئی اپنے زخم چاٹ رہی ہے، خواجہ آصف

آرمی چیف سید عاصم منیر برطانیہ کے اہم دورے پر ہیں، جہاں انہیں بڑی عزت و احترام کے ساتھ گارڈ آف آنر دیا گیا: انٹرویو

اسلام آباد (این این آئی) وزیر دفاع خواجہ محمد آصف نے کہا ہے کہ اقتدار سے محرومی کے بعد پی ٹی آئی اپنے زخم چاٹ رہی ہے، یہ خط لکھ رہے ہیں، پاؤں پکڑ رہے ہیں، منتیں ترلے کر رہے ہیں، یہ سوشل میڈیا پر اداروں کیخلاف گالم گلوچ اور ملک و قوم کی توہین کر رہے ہیں۔ سرکاری ٹی وی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 6)

وزیراعلیٰ ہر فرد کی دادرسی کو اپنی ذمہ داری سمجھتی ہیں، مریم اورنگزیب

سینئر وزیر مریم اورنگزیب کی ورلڈ بینک کے ایگزیکٹو ڈائریکٹرز کے 15 رکنی وفد سے ملاقات، عوامی بہبود کے اقدامات پر تفصیلی گفتگو

سینئر وزیر نے پنجاب میں جاری اصلاحاتی پالیسیوں، پنشن اصلاحات، ای پروکیورمنٹ، ای ٹینڈرنگ، پیپر لیس رجیم بارے بریفنگ دی

لاہور (این این آئی) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت پر سینئر وزیر مریم اورنگزیب نے ورلڈ بینک کے ایگزیکٹو ڈائریکٹرز کے 15 رکنی وفد سے ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران پنجاب حکومت کے جاری ترقیاتی منصوبوں، مالیاتی اصلاحات اور عوامی بہبود کے اقدامات پر تفصیلی گفتگو ہوئی۔ سینئر وزیر مریم اورنگزیب نے ورلڈ بینک وفد کا خیر مقدم کرتے ہوئے پنجاب میں جاری اصلاحاتی پالیسیوں پر بریفنگ دی۔ انہوں نے پنشن اصلاحات، (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 16)

چیمپئنز ٹرافی، دبئی اسٹیڈیم میں سیاسی نعرے بازی، بینرز، پوسٹرز لہرانے پر پابندی

لاہور (این این آئی) دبئی میں آئی سی سی چیمپئنز ٹرافی کا جوش و خروش عروج (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 13)

سابق وزیر داخلہ رحمان ملک کی تیسری برسی (کل) منائی جائے گی

مکو آنہ (این این آئی) سابق وفاقی وزیر داخلہ رحمان ملک مرحوم کی تیسری (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 29)

عوام کو ہر ممکن ریلیف انکے دروازے تک پہنچائیں گے' سیف الملوک کھوکھر

لاہور (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) لاہور کے صدر و رکن قومی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 18)

اسلام آباد ہائیکورٹ بار نے بھی ججز سنیارٹی تنازع پر دائر درخواست کی حمایت کر دی

اسلام آباد (این این آئی) ہائی کورٹ بار ایسوسی ایشن نے بھی 5 ججز کی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 12)

پنجاب ٹورازم اینڈ ہیریٹیج اتھارٹی بنانے کا فیصلہ، 170 تاریخی مقامات سیاحتی مراکز بنیں گے

لاہور (این این آئی) پنجاب میں ٹورازم اینڈ ہیریٹیج اتھارٹی بنانے کا فیصلہ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 31)

اسرائیلی فوج کو مغربی کنارے میں آپریشن کے احکامات جاری

تل ابیب (این این آئی) اسرائیلی وزیر اعظم کے دفتر نے بتایا ہے کہ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 32)



لاہور: سپیکر ملک محمد احمد خان سے بنگلہ دیشی صحافیوں کے وفد کی پنجاب اسمبلی میں ملاقات کے موقع پر گروپ فوٹو

ای ووٹنگ کے پائلٹ پروجیکٹ کو ہیک کرنے کی کوشش کی گئی، الیکشن کمیشن عدالت نے نادرا اور الیکشن کمیشن سے دو ہفتوں میں تفصیلی تحریری جواب مانگ لیا

اسلام آباد (این این آئی) الیکشن کمیشن کے ڈائریکٹر انفارمیشن ٹیکنالوجی نے اوورسیز پاکستانیوں کو ای ووٹنگ کی کھلی سہولت غیر محفوظ قرار دیتے ہوئے سپریم کورٹ کے آئینی بینچ کو آگاہ کیا ہے کہ بڑے پیمانے پر ای ووٹنگ سے ہیکنگ کا بڑا خطرہ ہے، ای ووٹنگ کے پائلٹ پروجیکٹ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 8)

لاہور: پنجاب میں کنٹری بیوشن پنشن اسکیم کا اطلاق

سرکاری ملازمین اور حکومت مل کر پنشن فنڈ چلائیں گے، اعلامیہ جاری

لاہور (این این آئی) پنجاب میں کنٹری بیوشن پنشن اسکیم کا اطلاق ہو گیا، محکمہ خزانہ نے نوٹیفکیشن جاری کر دیا۔ اعلامیے کے مطابق سرکاری ملازمین اور حکومت دونوں مل کر پنشن فنڈ چلائیں گے۔ پنجاب سول سرونٹس ترمیمی آرڈیننس 2024-2023 کے بعد بھرتی ہونے والے ملا (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 11)

26 نومبر احتجاج: پی ٹی آئی رہنماؤں کی عبوری ضمانت میں توسیع

پی ٹی آئی رہنماؤں کی درخواست ضمانت پر سماعت انسداد دہشتگردی عدالت اسلام آباد نے کی

اسلام آباد (این این آئی) انسداد دہشت گردی عدالت اسلام آباد نے 26 نومبر احتجاج سے متعلق مقدمات میں پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے شبلی فراز سمیت دیگر (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 14)

پاکستان کی معیشت درست سمت میں گامزن ہے، عطاء اللہ تارڑ

وزیر اطلاعات سے بحرین کے ہم منصب کی ملاقات، دوطرفہ تعلقات سمیت دیگر امور پر تبادلہ خیال

ریاض (این این آئی) وفاقی وزیر اطلاعات عطا اللہ تارڑ نے کہا ہے کہ پاکستان کی معیشت درست سمت میں گامزن ہے۔ سعودی عرب کے دارالحکومت ریاض میں وفاقی وزیر اطلاعات (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 15)



لاہور: سیکرٹری پنجاب اسمبلی عامر حبیب گارڈن سپرنٹنڈنٹ طارق ضیاء کو اعلیٰ کارکردگی پر اعزازی شیلڈ دے رہے ہیں

تھائی لینڈ، امارات، سعودیہ سمیت 6 ممالک سے مزید 30 پاکستانی ڈی پورٹ

سعودی عرب سے 8، یو اے ای سے 17 پاکستانی گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران ڈی پورٹ

لاہور (این این آئی) متحدہ عرب امارات، سعودی عرب اور تھائی لینڈ سمیت 6 مختلف ممالک سے 24 گھنٹوں کے دوران مزید 30 پاکستانیوں کو بے دخل کر دیا گیا جن میں (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 20)

عمران خان نواز شریف کی طرح کسی ڈیل کا حصہ نہیں بنیں گے' بیرسٹر سیف

قید میں موجود ایک شخص نے جعلی حکومت کی نیندیں حرام کر رکھی ہیں' پی ٹی آئی رہنما



لاہور: صوبائی وزیر اقلیتی امور رمیش سنگھ سابق صوبائی وزیر حسن مراد کو یادگاری شیلڈ پیش کر رہے ہیں

پشاور (این این آئی) مشیر اطلاعات خیبر پختونخوا بیرسٹر محمد علی سیف کا (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 22)

ناروال، ٹریفک پولیس اہلکار پر تشدد کرنے والے 2 ملزمان گرفتار

ناروال (این این آئی) ٹریفک پولیس اہلکار پر دوران ڈیوٹی مبینہ تشدد کی ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل ہونے پر ڈسٹرکٹ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 24)

سندھ حکومت کا طلبہ کو آکسفورڈ یونیورسٹی اسکالرشپ دینے کا اعلان

بھٹو اسکالرشپ پروگرام کیلئے مفاہمتی یادداشت پر دستخط کرنے کی تقریب میں بلاول بھی شریک

کراچی (این این آئی) سندھ حکومت نے ذہین اور ضرورت مند چھ طلبہ کو آکسفورڈ یونیورسٹی اسکالرشپ دینے کا اعلان کیا ہے۔ بھٹو اسکالرشپ پروگرام کے لیے مفاہمت کی یادداشت (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 26)

روسی صدر کا ولی عہد کو فون، مذاکرات کی میزبانی کرنے پر شکریہ

سعودی قیادت نے بات چیت کے لیے اچھا ماحول فراہم کیا، روسی صدر پوتین

ماسکو (این این آئی) روسی صدر ولادیمیر پوتین نے سعودی ولی عہد محمد بن سلمان کو فون کیا اور امریکہ کے ساتھ مذاکرات کی میزبانی کرنے پر ان کا شکریہ ادا کیا۔ غیر ملکی خبر رساں (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 27)

تحریر و ترتیب
سمیعہ فیاض

موجودہ حکومت جب سے برسر اقتدار آئی ہے اس نے عوامی کی فلاح کیلئے اتنے اقدامات اٹھائے ہیں جتنے دیگر صوبائی حکومتیں شائد پورے پانچ سال میں نہ اٹھا سکیں اور ان اقدامات اور ان کے ثمرات سے آگاہی کے لئے تعلقات عامہ پنجاب اپنا بھرپور کردار ادا کر رہا ہے جس کی سربراہی محترمہ اعظمی زاہد بخاری صاحبہ کر رہی ہیں جبکہ انکی ہدایت پر سیکرٹری اطلاعات و ثقافت پنجاب اور ڈائریکٹر جنرل پبلک ریلیشنز پنجاب غلام صفیر شاہد اپنی ٹیم ڈائریکٹر نیوز سہیل جنجوعہ، ڈائریکٹر الیکٹرانک میڈیا سہیل رانا، ڈائریکٹر کوارڈی نیشن خورشید جیلانی، اسسٹنٹ ڈائریکٹر بلال بھٹی کے ساتھ دن رات ایک کئے ہوئے ہیں







صوبہ پنجاب کی تاریخ میں سال 2024 ایک نئے عہد کی نوید لے کر آیا جب محترمہ مریم نواز شریف نے پہلی خاتون وزیر اعلیٰ کے طور پر صوبے کی باگ ڈور سنبھالی۔ یہ محض ایک قیادت کا آغاز نہیں تھا بلکہ یہ ایک بصیرت، نئی سوچ اور مثبت طرز حکمرانی کی ابتدا تھی جس کا مقصد عوامی خدمت، مربوط ترقی، سماجی بہبود اور معاشی استحکام تھا۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کی حکومت کا پہلا سال اپنے اسی مقصد کی تکمیل کا سفر ہی ہے جس کا مطمع نظر عوامی خوشحالی اور ترقی ہے۔

''امن عامہ، سماجی تحفظ اور معاشی استحکام کا ایک سال'' کے عنوان سے زیر نظر یہ کتابچہ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کی ہدایت پر صوبے میں متعارف کروائی جانے والی انتظامی اصلاحات، انتخابی اقدامات اور ان کے نتیجے میں حاصل ہونے والی کامیابیوں کا انتہائی جائزہ ہے جو پنجاب میں کامیاب طرز حکمرانی کا منہ بولتا ثبوت ہیں۔

گزشتہ ایک سال میں تعلیم، صحت، زراعت، صنعت، مواصلات، ٹرانسپورٹ، لائیو سٹاک، خواتین کی ترقی، سماجی بہبود اور سب سے بڑھ کر صوبائی وسائل میں اضافے اور ان کے مؤثر استعمال کے حوالے سے جو پیش رفت ہوئی ہے وہ پنجاب کے عوام کے لیے ایک بہتر مستقبل کی نوید ہے۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے عوامی خدمت، شفافیت اور گڈ گورننس کے لیے جو اصلاحات کی ہیں وہ آنے والے برسوں میں صوبے میں ترقی کی نئی راہیں ہموار کریں گی۔

دیباچہ لکھتے ہوئے مجھے یقین ہے کہ یہ کتابچہ صوبہ پنجاب کی ترقی کے سفر کو ایک مستند دستاویز کے طور پر پیش کرے گا اور عوام کے لیے باعث رہنمائی ثابت ہو گا۔ یہ پالیسی سازوں، ماہرین اور مستقبل کے قائدین کے لیے بھی ایک اہم حوالہ ثابت ہو گا۔

اللہ تعالیٰ ہمیں اسی جوش، جذبے اور عزم کے ساتھ عوامی خدمت جاری رکھنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

عظمیٰ زاہد بخاری
(وزیر اطلاعات پنجاب)

امن عامہ، سماجی تحفظ اور معاشی استحکام کا 1 سال

پنجاب ڈرامہ ایکٹ کا نفاذ

وزیر اعلیٰ پنجاب کی ہدایت پر فحاشی کے خاتمے کے لیے پنجاب ڈرامہ ایکٹ کا نفاذ تجویز کیا جا رہا ہے۔ فحاشی پھیلانے والے اداکاروں پر تاحیات پابندی اور غیر اخلاقی ڈراموں کے مرتکب تھیٹرز کے لائسنس منسوخ کرنے کی تجویز دی گئی ہے۔ اس مقصد کے لیے آن لائن مانیٹرنگ پورٹل بنایا گیا ہے جہاں تمام تھیٹر مالکان کو اپنی سرگرمیاں رپورٹ کرنا ہوں گی۔ کسی بھی خلاف ورزی کی صورت میں سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

ثقافتی احیاء

کئی سال بعد صوبہ پنجاب میں ثقافتی اور قومی تقریبات کا شاندار آغاز کیا گیا ہے۔ بانی پاکستان قائداعظم محمد علی جناح اور سابق وزیر اعظم محمد نواز شریف کی سالگرہ، یوم الذوالفقار اور بھائی چارے کو فروغ دینے کے لئے کرسمس کی تقریبات کو نئے جوش اور ولولے کے ساتھ منایا گیا ہے۔ ان تقریبات میں ہزاروں شہریوں کی شرکت نے عوام اور حکومت کے درمیان تعلق کو مضبوط کیا۔ اسی طرح پاکستان جیسے اور پنجاب گجرات جیسے تاریخی شہروں میں بسنت کی ثقافتی ورثے کو اجاگر کرنے کے لیے منعقد کیے گئے۔

یوم آزادی اور یوم یکجہتی کشمیر

پہلی بار صوبہ پنجاب میں آزادی خلوت تیار کردہ اکس کا فلور کروایا گیا۔ یہ خلوت راولپنڈی سے لاہور کا سفر طے کرتا ہوا بیارڈ پاکستان پہنچا۔ اس خلوت نے گوجرخان، جہلم، گجرات اور گوجرانوالہ سے گزر کر عوام میں حب الوطنی کی لہر دوڑ پھونکی۔ پہلی مرتبہ صوبہ پنجاب میں 5 فروری کو یوم یکجہتی کشمیر کے حوالے سے عظیم الشان تقریب صوبائی دارالحکومت لاہور کے لبرٹی چوک میں منعقد کی گئی جبکہ محکمہ اطلاعات و ثقافت نے کشمیر کے موقع پر خصوصی ٹی ٹوئر بھی جاری کیا۔

میڈیا کو اشتہارات کے بلز کی بروقت ادائیگی

محکمہ اطلاعات و ثقافت نے تمام واجب الادا رقوم کو ایک مہینے کے اندر کلیئر کرنے کا جدید نظام نافذ کر دیا ہے جس کے تحت میڈیا ہاؤسز کو 3.66 ارب روپے کے اشتہاری واجبات ادا کر دیئے گئے ہیں۔

جعلی اشتہاری ایجنسیوں کا خاتمہ

صوبائی حکومت نے اشتہاری ایجنسیوں کی جانچ پڑتال کا عمل شروع کیا جس کے نتیجے میں 50 سے زائد جعلی ایڈورٹائزنگ ایجنسیوں کو فہرست سے نکال دیا گیا۔ اسی طرح اخباروں کی جانچ پڑتال کر کے ڈمی اخباروں کے سرکاری اشتہار بند کئے گئے ہیں۔

ڈی جی پی آر کے ضلعی دفاتر کی اپگریڈیشن

ضلعی اور ڈویژنل دفاتر کو جدید سہولیات کی آلات اور گاڑیاں فراہم کرنے کا منصوبہ جاری ہے تاکہ ان کی کارکردگی میں مزید بہتری لائی جا سکے۔

اے آئی سے لیس مرکزی میڈیا مانیٹرنگ یونٹ

محکمہ اطلاعات و ثقافت ایک جدید ڈیجیٹل میڈیا ونگ قائم کر رہا ہے تاکہ صوبائی حکومت کی ڈیجیٹل موجودگی کو مضبوط بنایا جا سکے اور اس کے اقدامات کو سوشل میڈیا پلیٹ فارمز پر مؤثر طریقے سے اجاگر کیا جا سکے۔ یہ یونٹ جعلی خبروں اور گمراہ کن معلومات کے خلاف بھرپور کردار ادا کرے گا تاکہ عوام کو درست اور تصدیق شدہ معلومات بروقت فراہم کی جا سکیں۔





ڈائریکٹوریٹ جنرل پبلک ریلیشنز

ڈائریکٹوریٹ جنرل پبلک ریلیشنز (DGPR) صوبائی حکومت کے میڈیا اور عوامی رسائی کے نظام میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتا ہے۔ یہ ادارہ بغیر کسی ہچکچاہٹ کے چوبیس گھنٹے کام کر کے پنجاب حکومت کی مثبت چہرہ کو عوام کے سامنے اجاگر کرنے میں کلیدی کردار ادا کرتا ہے۔ ای می پی آر اسٹریٹجک میڈیا مینجمنٹ، بروقت معلومات کی ترسیل اور اخباروں کے دوران مؤثر کمیونیکیشن کے ذریعے عوام میں حکومتی پالیسیوں، منصوبوں اور ترقیاتی اقدامات کی شفاف اور مؤثر تشہیر کو یقینی بناتا ہے۔ پریس ریلیز، ڈیجیٹل میڈیا مہمات اور مختلف تقریبات کی بروقت تشہیر کیلئے DGPR کا عملہ ہر اول دستہ ہوتا ہے۔ یہ ادارہ اپنی انتھک محنت، پیشہ ورانہ مہارت اور مؤثر کارکردگی کے ذریعے حکومت اور عوام کے درمیان ایک مضبوط رابطہ قائم کرنے میں نمایاں کردار ادا کر رہا ہے۔

جرنلسٹس ہاؤسنگ سکیم فیز II

حکومت پنجاب نے لاہور کی صحافی کالونی کے فیز II کے منصوبے کا آغاز کیا ہے، جس کا مقصد 3,200 صحافیوں کو رہائشی سہولت فراہم کرنا ہے۔ اس منصوبے کے تحت زمین کے حصول کے لیے صوبائی حکومت راوی اربن ڈویلپمنٹ اتھارٹی کو 40 کروڑ روپے ادا کر رہی ہے۔ یہ قدم حکومت کے صحافی برادری کی فلاح و بہبود کے عزم کی علامت ہے تاکہ انہیں بہترین رہائش فراہم کی جا سکے۔

فیزون کے ایف بلاک کی ڈویلپمنٹ

صوبائی حکومت نے لاہور پریس کلب ہاؤسنگ سکیم میں ایف بلاک کی تیز رفتار ترقی کو اپنی ترجیح بنایا ہے۔ اس حوالے سے ایف بلاک میں سالوں سے رکے ترقیاتی کام تیزی سے جاری ہیں۔ اس اقدام کا مقصد صحافیوں کو جدید، محفوظ اور بہترین منصوبہ بندی کے تحت رہائشی سہولت فراہم کرنا ہے جو میڈیا پروفیشنلز کی فلاح و بہبود کی حکومتی پالیسی کا حصہ ہے۔

پنجاب ڈیفامیشن ایکٹ 2024

پنجاب اسمبلی نے 20 مئی 2024 کو پنجاب ڈیفامیشن ایکٹ 2024 منظور کیا جس کا مقصد پرنٹ، الیکٹرانک اور سوشل میڈیا پر جھوٹی معلومات کے پھیلاؤ کو روکنا ہے۔ یہ قانون ایسے بیانات کی اشاعت، نشریات یا تشہیر کو ہدف قرار دیتا ہے جو کسی فرد کی ساکھ کو نقصان پہنچا کر اسے تحقیر، نفرت یا طنز کا نشانہ بناتے ہیں۔

پریس کلبز کے لیے مالی معاونت

صوبائی حکومت نے صحافی برادری کی معاونت کے لئے رواں مالی سال کے بجٹ میں پریس کلبز کو گرانٹ دینے کیلئے 150 ملین روپے مختص کیے ہیں۔ کئی پریس کلبز اس پالیسی سے مستفید ہوئے ہیں اور اس طرح صحافیوں کے لئے فلاحی اقدامات میں بہتری آئی ہے۔ تاریخ میں پہلی مرتبہ لاہور پریس کلب کی سالانہ گرانٹ کو 1 کروڑ روپے سے بڑھا کر 5 کروڑ روپے کر دیا گیا ہے۔

صحافیوں کی فلاح و بہبود کے لیے فنڈ میں دوگنا اضافہ

صوبائی حکومت نے صحافیوں کے فلاحی فنڈ میں دوگنا اضافہ کرنے کا تاریخی فیصلہ کیا، ان میں شادی گرانٹ، تعلیمی گرانٹ، طبی گرانٹ اور معذوری گرانٹ ہیں۔ اس اقدام کا مقصد میڈیا پروفیشنلز کو معقول مالی امداد فراہم کرنا ہے تاکہ وہ مالی مشکلات سے محفوظ رہیں۔

روزنامہ قوت لاہور
سٹی نیوز





لاہور: صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق بہاول وکٹوریہ ہسپتال بہاول پور میں اینٹی ریپ کرائسز سیل کا افتتاح کر رہے ہیں

صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق نے بہاولپور وکٹوریہ ہسپتال میں اینٹی ریپ کرائسز سیل کا افتتاح کر دیا

جنسی ہراسانی سے تحفظ کیلئے تحصیل سطح پر اینٹی ریپ کرائسز سیل قائم کئے جائیں خواجہ سلمان رفیق

بچے بچیوں کے تحفظ اور صحت مند معاشرہ کے قیام کیلئے تمام تر وسائل بروئے کار لا رہے ہیں۔ صوبائی وزیر صحت

لاہور (خبر نگار) صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق نے آج بہاولپور وکٹوریہ ہسپتال میں اینٹی ریپ کرائسز سیل کا افتتاح کیا اور کہا کہ جنسی ہراسانی سے تحفظ کیلئے تحصیل سطح پر اینٹی ریپ کرائسز سیل قائم کئے جائیں گے۔ اپنے پیچھیں کے تحفظ اور صحت مند معاشرہ کے قیام کیلئے تمام تر وسائل بروئے کار لا رہے ہیں۔ اینٹی ریپ کرائسز سیل کے قیام سے متاثرہ افراد کو میڈیکل ایڈ اور قانونی چارہ جوئی کا تحفظ ایک چھت تلے میسر ہوگا۔ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے ویژن کے مطابق خواتین کے حقوق کے تحفظ کیلئے ہر ممکن اقدامات کئے جا رہے ہیں۔ جنسی ہراسانی اور گھریلو تشدد کے خاتمہ کیلئے شعور اجاگر کیا جائے گا۔ اینٹی ریپ کرائسز سیل میں کام کرنے والے محکمہ جات کے سٹاف کی خصوصی تربیت کی جائے گی۔ اینٹی ریپ کرائسز سیل کی افتتاح کے موقع پر ایڈیشنل چیف سیکرٹری ساجد حیات بلوچ، فواد ہاشم یزدانی، ڈاکٹر لوئے شبانے، کنٹری ہیڈ یونیڈو ڈاکٹر نفیسہ شاہ اور محکمہ صحت کے اعلیٰ افسران موجود تھے۔ صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق نے بہاول وکٹوریہ ہسپتال بہاول پور میں اینٹی ریپ کرائسز سیل کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت پر صوبائی حکومت نے تحصیل سطح پر ہیلتھ اینڈ ویلفیئر سنٹرز کو اپ گریڈ کیا ہے۔ ہر ہیلتھ اینڈ ویلفیئر سنٹر میں ایک خاتون ڈاکٹر کی تعیناتی کو یقینی بنایا گ

ABC CERTIFIED
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
روزنامہ قوت لاہور
''روزنامہ قوت لاہور'' (3) 22 فروری 2025ء

چیف سیکرٹری پنجاب زاہد اختر زمان کا گوجرانوالہ کا دورہ

جی ٹی روڈ سے منسلک ڈمپنگ پوائنٹ کی 11 ایکڑ اراضی پر ہل ریزورٹ کی تعمیر، قائداعظم ڈویژنل پبلک سکول میں 7 کروڑ روپے لاگت سے تعمیر ہونیوالے کالج بلاک کا افتتاح

گوجرانوالہ (نوید بخاری قوت بیورو) چیف سیکرٹری پنجاب زاہد اختر زمان نے گوجرانوالہ کا دورہ کیا اور جی ٹی روڈ سے منسلک ڈمپنگ پوائنٹ کی 11 ایکڑ اراضی پر ہل ریزورٹ کی تعمیر، قائداعظم ڈویژنل پبلک سکول میں 7 کروڑ روپے لاگت سے تعمیر ہونیوالے کالج بلاک کا افتتاح، انہوں نے شہر میں وزیر اعلیٰ پنجاب کے پروگرام ستھرا پنجاب پروگرام کے تحت اقدامات، بیوٹیفیکشن اور تجاوزات کیخلاف مہم کا جائزہ لیا، کمشنر گوجرانوالہ سید نوید حیدر شیرازی، سیکرٹری ٹرانسپورٹ عمران سکندر بلوچ، سیکرٹری کمیونیکیشن اینڈ ورکس لیفٹیننٹ (ر) سہیل اشرف، ڈپٹی کمشنر نوید احمد بھی انکے ہمراہ تھے۔ چیف سیکرٹری پنجاب زاہد اختر زمان کو بتایا گیا کہ گوجرانوالہ ویسٹ مینجمنٹ کمپنی کا ڈمپنگ پوائنٹ متبادل جگہ منتقل کر دیا گیا ہے جی ٹی روڈ پر چیانوالی کے قریب واقع اس جگہ کو ہل ریزورٹ بنانے کے منصوبے پر کام شروع کر دیا گیا ہے اور یہاں 2 ہزار پودے، گرین ایریاز اور دیگر معیاری تفریحی سہولیات فراہم کی جائیں گی۔ چیف سیکرٹری پنجاب زاہد اختر زمان نے ہدایت کی کہ پراجیکٹ کو بروقت مکمل کیا جائے۔ بعد ازاں چیف سیکرٹری پنجاب کو جی ٹی روڈ پر سنگل فری کوریڈور منصوبے بارے بریفنگ دی گئی جس پر 5 ارب روپے لاگت آئے گی، کمشنر گوجرانوالہ سید نوید حیدر شیرازی نے چیف سیکرٹری پنجاب کو گوجرانوالہ میں ڈویلپمنٹ منصوبوں، وزیر اعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز کے اشٹی ایٹوز بارے بریفنگ دی۔ چیف سیکرٹری پنجاب زاہد اختر زمان نے قائداعظم ڈویژنل پبلک سکول میں سات کروڑ روپے لاگت سے تعمیر ہونے والے نیو کالج بلاک کا افتتاح کیا، 8 کلاس رومز اور 2 سٹاف رومز پر مشتمل ہے۔ چیف سیکرٹری پنجاب زاہد اختر زمان نے گیٹی روم کی تزئین و آرائش کے منصوبے کو بھی سراہا۔



صوبائی وزیر خواجہ عمران نذیر وزیر اعلیٰ کے متوقع دورہ کی تیاریوں کا جائزہ لے رہے ہیں

وزیر صحت کی ایمرجنسی میں تمام بیڈز پر مانیٹر فعال رکھنے کی تاکید



چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) صوبائی وزیر صحت خواجہ عمران نذیر صوبائی وزیر مواصلات و تعمیرات/قانون شہیب احمد ملک، وزیر بلدیات پنجاب ملک ذیشان رفیق اور مشیر سیاسی امور ملک ذیشان کھوکھر نے چنیوٹ میں وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کے متوقع دورہ کے انتظامات کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر صوبائی وزراء نے ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹرز ہسپتال کا بھی دورہ کیا۔ ڈپٹی کمشنر فیصل آباد ڈویژن علی رضا، ڈپٹی کمشنر چنیوٹ صفی اللہ گوندل بھی ہمراہ تھے۔ صوبائی وزراء نے زیر تعمیر سرجیکل ٹاور جلد مکمل کرنے کی ہدایت کی۔ ایمرجنسی میں تمام بیڈز پر مانیٹر فعال رکھنے کی تاکید، ہسپتال کے مختلف شعبوں میں صحت کی دستیاب سہولیات کا جائزہ لیا، مریضوں کی تیمارداری اور وزیر صحت پنجاب نے بلند آواز میں ادویات ہسپتال سے ملنے کے بارے میں دریافت کیا۔ چنیوٹ میں ڈی ایچ کیو کی نئی عمارت زیر تکمیل ہے۔ وزیر اعلیٰ پنجاب نے صحت کے شعبہ پر خصوصی توجہ مرکوز کر رکھی ہے۔ مریضوں کو علاج معالجہ کی معیاری طبی سہولیات کی فراہمی اولین ترجیح ہے۔ چنیوٹ سمیت تمام اضلاع میں عوامی بہبود کے میگا پراجیکٹس مکمل کئے جا رہے ہیں۔ وزیر اعلیٰ پنجاب جلد چنیوٹ فیصل آباد دو رویہ سیکشن کی تعمیر کا افتتاح کریں گی۔ چنیوٹ میں دیگر پراجیکٹس بھی مکمل ہو رہے ہیں۔ جبکہ ڈی سی آفس چنیوٹ میں صوبائی وزیر صحت پنجاب خواجہ عمران نذیر نے صحافیوں سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ پنجاب حکومت عوام کے معیار زندگی کو بلند کرنے کے لیے ہر سطح پر اقدامات کر رہی ہیں 27 فروری کو وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز چنیوٹ کا ایک روزہ دورہ کریں گی

دہشت گردی کے ناسور کو جڑ سے اکھاڑ پھینکنے کیلئے قانون نافذ کرنیوالے اداروں کا ساتھ دینا ہوگا: میاں خالد

سیاسی جماعتیں بھی افواج پاکستان و دیگر سکیورٹی اداروں کے ہاتھ مضبوط کریں

تیخوپورہ (بیورو رپورٹ) استحکام پاکستان پارٹی کے مرکزی ایڈیشنل جنرل سیکرٹری و سابق صوبائی وزیر میاں خالد محمود نے کہا ہے کہ ملک میں دہشت گردی کے ناسور کو جڑ سے اکھاڑ پھینکنے کیلئے عوام کو قانون نافذ کرنے والے اداروں کا بھرپور ساتھ دینا ہوگا سیاسی جماعتیں بھی افواج پاکستان و دیگر سکیورٹی اداروں کے ہاتھ مضبوط کریں تاکہ ملک دشمن قوتوں کی سازشوں کو جلد از جلد خاک میں ملایا جاسکے، پاکستان دشمنوں کی طرف سے دہشت گردی کے ذریعے پاکستان کا دفاع غیر مستحکم کرنے اور اندرونی خلفشار برپا کرنے کی کوشش کی جارہی ہے پاکستان کے عوام امن پسند ہیں جنہیں ایک عرصہ سے ٹارگٹ کیا جارہا ہے مگر قوم کی حب الوطنی میں کبھی کمی نہیں آئی مٹھی بھر دہشت گرد پاکستان کی سلامتی کو متاثر نہیں کرسکتے ان کا انجام قریب ہے، دہشتگردانہ واقعات کی روک تھام کیلئے حکومت ٹھوس اقدام اٹھائے پاکستان کی خود مختاری پر کوئی آنچ نہیں آنے دی جاسکتی دہشت گردوں کو انہی کی زبان میں جواب دیا جائے جو پاکستانیوں پر حملہ کرے اسکے ساتھ ویسا ہی سلوک ہونا چاہئے تاکہ آئندہ شرانگیزی کا ارتکاب کرنے کی کوئی جرات نہ کرسکے، دہشتگردوں سے کوئی مجھوتہ نہیں ہوسکتا

مصطفیٰ آباد: ایم این اے سعد وسیم شیخ کو منسٹر بنایا جائے: شیخ محمد یوسف فاروقی

مصطفیٰ آباد/للیانی (نمائندہ خصوصی) ایم این اے سعد وسیم شیخ کو منسٹر بنایا جائے، پہلے شیخ وسیم اختر اور اب ان کے بیٹے سعد وسیم شیخ دوسری بار بھاری اکثریت سے کامیابی حاصل کرکے عوام کی خدمت کر رہے ہیں، قصور مسلم لیگ ن کا گڑھ ہے لیکن قصور کے مسائل بے شمار ہیں انہیں حل کروانے کے لئے ایم این اے مسلم لیگ ن سعد وسیم شیخ کو منسٹر بنایا جائے تاکہ وہ حلقہ کی عوام کی امیدوں پر پورا اترتے ہوئے قصور کو مسائل سے نکال سکیں اور عوام کے اجتماعی مسائل احسن طریقے سے حل ہوسکیں، ان خیالات کا اظہار شیخ محمد یوسف فاروقی صدر انجمن شہریاں قصور نے پریس کلب مصطفیٰ آباد میں صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا، شیخ محمد یوسف فاروقی نے مزید کہا کہ شیخ وسیم اختر اور سعد وسیم شیخ کی مسلم لیگ ن کے ساتھ وابستگی کسی سے ڈھکی چھپی نہیں، چند مخالفین ان کی شہرت کو نقصان پہنچانے کی ناکام کوشش کر رہے ہیں وہ ایسے کسی بھی کوشش میں کامیاب نہیں ہوں گے۔

الیکشن لاہور ہائی کورٹ بار امیدوار ملک آصف نسوآنہ کی الیکشن تیاریاں

میاں انتصار حسین بھٹی چوہدری نوید سرا اور دیگر ساتھیوں نے امیدوار صدر ملک آصف نسوآنہ کی حمایت کا اعلان کیا



جلالپور بھٹیاں (رستم علی سے) الیکشن لاہور ہائی کورٹ بار امیدوار ملک آصف نسوآنہ کنگ سپوٹر چوہدری عاشق علی خیالیکا۔ چوہدری امداد اللہ خیالیکا راے ریاست علی۔ افضال احمد شیخ چوہدری علی حسن چوہدری سخی خاں خیالیکا۔ چوہدری علی حیدر خیالیکا چوہدری رب نواز خیالیکا چوہدری احمد شیر خیالیکا کے ڈیرے پر وکیل برادری کی میٹنگ جس میں نصر اللہ خاں گوندل ایڈووکیٹ میاں سرفراز افضل ملک عمران اعوان محمد نواز شفاقت علی آرگن چوہدری تصور عابد حسین بھٹی میاں عمران ظفر بھٹی راے عون رضا راے محسن علی چوہدری انصر گوندل چوہدری احسان ڈوڈ راے طفیل کھرل۔ میاں انتصار حسین بھٹی چوہدری نوید سرا اور دیگر ساتھیوں نے امیدوار صدر ملک آصف نسوآنہ کی حمایت کا اعلان کیا

فرض شناس، محنتی و ایماندار افسران ملک و قوم کا قیمتی سرمایہ اور محکمے کے ماتھے کا جھومر ہوتے ہیں

بے لوث خدمات سرانجام دینے والے افسران معاشرہ میں باعث فخر سمجھے جاتے ہیں



عارفوالا (نمائندہ قوت محمد نوید ڈوگر سے) فرض شناس، محنتی و ایماندار افسران ملک و قوم کا قیمتی سرمایہ اور محکمے کے ماتھے کا جھومر ہوتے ہیں، بے لوث خدمات سرانجام دینے والے افسران معاشرہ میں باعث فخر سمجھے جاتے ہیں، باعزت ریٹائرمنٹ کسی اعزاز سے کم نہیں ہے محکمہ جات میں باعزت سروسز امور کی فراہمی نیک نامی کا باعث ہے، تمام اہلکاران اور افسران ملکی تعمیر و ترقی و استحکام کو مدنظر رکھتے ہوئے اپنی پیشہ ورانہ ذمہ داریاں بطریق احسن انداز میں سرانجام دیں تاکہ وطن عزیز کو ترقی یافتہ ممالک کی صف میں شامل کیا جاسکے ان خیالات کا اظہار ڈی ایس پی ملک طارق اعوان نے تھانہ سٹی عارفوالا میں ایس ایچ او چوہدری محمد ہاشم کی جانب سے ASI چوہدری محمد صدیق کی ریٹائرمنٹ کی پروقار الوداعی تقریب کے موقع پر تمام پولیس ملازمین و عملہ سے کہا کہ ملک و قوم کا نام روشن کرنے کیلئے اپنی ڈیوٹی فرض عین سمجھ کر ادا کریں اور غفلت سے اجتناب کریں تاکہ عوام کے جان و مال کے تحفظ کو یقینی بناتے ہوئے جرائم پیشہ عناصر کا خاتمہ کیا جاسکے الوداعی تقریب کے موقع پر سید اعجاز حسین شاہ بخاری، صدر چوہدری حاجی محمد اعجاز، امجد علوی، SHO قبولہ زمان وٹو، SHO صدر عابد عاشق مہار، SHO احمد یار لقمان ڈھڈی، SI ظفر اقبال ڈھڈی، SI محمد ندیم سکھیرا، SI محمد اشرف بھٹی، SI رانا محمد ہارون محمد انعام بٹ اور سیاسی، سماجی و مذہبی افراد نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔

جامعہ مسجد رحمانیہ اہلحدیث مصطفیٰ آباد عظمت قرآن کانفرنس کا اہتمام

مصطفیٰ آباد/للیانی (نمائندہ خصوصی) جامعہ مسجد رحمانیہ اہلحدیث مصطفیٰ آباد عظمت قرآن کانفرنس کا اہتمام علما کرام نے قرآن پاک حافظ کرنے والے 8 طلبہ میں اسناد و انعامات تقسیم کئے جبکہ سپورٹس سرگرمیوں میں پوزیشن حاصل کرنے والے طلبہ میں ٹرافیاں تقسیم کی گئی، تفصیلات کے مطابق جامعہ مسجد رحمانیہ اہلحدیث مصطفیٰ آباد عظمت قرآن کانفرنس کا اہتمام کیا گیا، تقریب کا آغاز تلاوت کلام پاک و نعت رسول مقبول ﷺ سے کیا گیا، حضرت مولانا قاری عبداللہ ساجد نے آنے والے معزز مہمانوں کو ویلکم کیا، عظیم سکالر حضرت مولانا پروفیسر مطیع اللہ باجوہ، حضرت مولانا قاری عبدالغفار احسن، حضرت مولانا حبیب الرحمن یزدانی، حضرت مولانا شاہ اللہ خاں صدیقی نے خصوصی خطاب کیا، تقریب میں حضرت مولانا پروفیسر عزیز الرحمان، حضرت مولانا حافظ امتیاز احمد، حضرت مولانا قاری عبدالشکور برق، حضرت مولانا شفیق احمد، ماسٹر نذیر احمد نجم، محمد شفیق نجم، صدر مدرسہ حاجی شیخ محمد نعیم، محمد عمران سلفی صدر پریس کلب مصطفیٰ آباد للیانی رجسٹرڈ، ارشد علی جوئیہ وائس چیئرمین و دیگر معززین علاقہ، علما کرام سمیت عوام کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔

پہلی یوتھ پالیسی وزیر اعظم شہباز شریف نے 2010 میں جاری کی تھی: رانا مشہود

پنجاب اور پاکستان میں 10 لاکھ لیپ ٹاپ دے چکے ہیں، جس کی وجہ سے پاکستان انٹر پینور شپ میں دنیا تیسرے سے چوتھے نمبر پر ہیں



سیالکوٹ (بیورو چیف) پیپلز مین وزیر اعظم یوتھ پروگرام رانا مشہود احمد خان نے کہا ہے کہ پہلی یوتھ پالیسی وزیر اعظم شہباز شریف نے 2010 میں جاری کی، پنجاب اور پاکستان میں 10 لاکھ لیپ ٹاپ دے چکے ہیں، جس کی وجہ سے پاکستان انٹر پینور شپ میں دنیا تیسرے سے چوتھے نمبر پر ہیں، 1997 میں نواز شریف آپٹک فائبر لے کر آئے، پاکستان 1998 میں ایشین ٹائیگر بن چکا تھا۔ پاکستان کی ترقی اور خوشحالی کیلئے سب سے اہم کردار نوجوانوں نے ادا کرنے کے اور ہم نے آپ کو اپنی صلاحیتوں کو لوہا منوانے کا موقع فراہم کریں، ملک کی 70 فیصد آبادی نوجوانوں پر مشتمل ہے جو ہمارا مستقبل ہیں، دنیا سے مقابلہ کرنے کیلئے طلبہ کو ریسرچ پر توجہ دینا ہوگی، حکومت نوجوانوں کی فلاح و بہبود کے لیے بھرپور اقدامات اٹھا رہی ہے۔ یہ بات انہوں نے گورنمنٹ کالج وویمن یونیورسٹی سیالکوٹ میں منعقدہ ٹیکنالوجی اینڈ انٹر پینور شپ سمٹ اینڈ ایکسپو 2025 سے بطور مہمان خصوصی خطاب کرتے ہوئے کیا۔ وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر شازیہ بشیر، ڈاکٹر محمد افضال بٹ، ڈاکٹر محمد الیاس، ڈاکٹر یاسر نواز منج، ڈاکٹر طارق محمود، ڈاکٹر محمد عثمان اشرف، ڈاکٹر محمد راشد حفیظ، ڈاکٹر سیدہ سعدیہ، ڈاکٹر شگفتہ فردوس، مہام خان کے علاوہ ای بزنس لیڈرز اور موٹیویشنل اسپیکرز نے شرکت کریں۔ رانا مشہود احمد خان نے کہا کہ ترقی کیلئے سب سے پہلے اپنا ہمدرد ہونا چاہئے، جو گولز سیٹ کئے ہیں اپنی نیت کو صاف رکھ کر کمٹمنٹ کے ساتھ آگے بڑھنا ہے۔ ادب کا دامن ہاتھ نہ چھوڑیں۔ 2016 میں میاں نواز شریف نے آئی ایم ایف کو خیر آباد کہہ چکے تھے ان کو دوبارہ لایا گیا۔ رانا مشہود احمد خان نے کہا کہ گزشتہ دور حکومت میں 2 لاکھ 80 ہزار ٹیچرز، ہزاروں لیکچرار بھرتی کئے۔ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف پنجاب یونیورسٹیز میں میرٹ پر وائس چانسلرز لیکر آئیں تاکہ قابل لوگوں طلباء و طالبات کی ہنڈ ہولڈنگ قابل اعتماد ہاتھوں میں دی جاسکے۔ رانا مشہود احمد خان نے کہا کہ طالبات کہا کہ یہ موقع ہے آپ کے پاس سیالکوٹ، صوبے اور ملک کا نام روشن کرنا ہے۔ رانا مشہود احمد خان نے کہا کہ پنجاب میں ملک کے دیگر صوبوں کی نسبت تعلیم کی صورتحال کئی درجے بہتر ہے یہی وجہ ہے یونیورسٹی اور بورڈ میں مزدوروں اور محنت کشوں کے بچے پوزیشن لے رہی ہیں۔ اپنے اسٹارٹ اپ کیلئے وفاق اور صوبے کی اسکیموں سے فائدہ اٹھائیں۔ ہر یونیورسٹی میں یوتھ ڈویلپمنٹ سنٹر کو فعال بنا رہے ہیں آپ کو دنیا کی بہترین یونیورسٹیوں میں پہنچنے کا موقع دیں گے۔ 28 فروری کو ڈیجیٹل حب پورٹل کا افتتاح کر رہے ہیں پوری دنیا وں کلک پر ہوگی۔ وزیر اعظم نے ملک میں ایجوکیشن ایمرجنسی لگا دی ہے۔ رانا مشہود احمد خان نے کہا کہ ملک کے خلاف فتنہ جنریشن وار کو مسلط کر دیا ہے جس کے ذریعے نوجوانوں میں مایوسی پھیلائی جا رہی ہے۔ اللہ کا فضل سب کو کچھ ہے۔ دنیا پاکستان میں پارٹنر بننے میں فخر محسوس کر رہی ہیں۔ اس سال 12 لاکھ وائٹ اور بلیو کالرز جاب کے دروازے کھول دیئے ہیں۔ قائد کے فرمان ایمان، اتحاد، تنظیم اور یقین محکم پر عمل پیرا ہو کر کامیابی کو مقدر بنا دیا ہے۔ تمام ادارے ایک پیج پر متحد ہو کر نوجوانوں کیلئے کام کر رہے ہیں۔

ڈپٹی کمشنر حافظ آباد عبدالرزاق کا ڈی ایچ کیو ہسپتال، مریم نواز ہیلتھ کلینک اور مختلف سکولوں کا دورہ

ڈپٹی کمشنر نے ستھرا پنجاب پروگرام کے تحت شہر کے مختلف علاقوں میں صفائی ستھرائی کے کاموں، ماڈل ریڑھی بازار کا بھی دورہ کیا



حافظ آباد (بیورو رپورٹ) ڈپٹی کمشنر حافظ آباد عبدالرزاق نے ڈی ایچ کیو ہسپتال، مریم نواز ہیلتھ کلینک اور مختلف سکولوں کا دورہ کیا۔ ڈپٹی کمشنر نے ستھرا پنجاب پروگرام کے تحت شہر کے مختلف علاقوں میں صفائی ستھرائی کے کاموں، ماڈل ریڑھی بازار کا بھی دورہ کیا اور وہاں انتظامات کا جائزہ لیا۔ ڈپٹی کمشنر عبدالرزاق نے ڈی ایچ کیو ہسپتال کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے جنرل ایمرجنسی، چلڈرن ایمرجنسی سمیت مختلف شعبہ جات کا دورہ کرتے ہوئے وہاں مریضوں کو دستیاب علاج معالجہ کی دستیاب سہولیات کا جائزہ لیا۔ ڈپٹی کمشنر نے ہسپتال میں زیر علاج مریضوں سے طبی سہولیات کی فراہمی بارے فیڈ بیک بھی لیا۔ ڈپٹی کمشنر نے مریم نواز ہیلتھ کلینک مراد یاں کا بھی دورہ کیا۔ جہاں انہوں نے دیہی ہسپتال کے مختلف شعبہ جات کا دورہ، ادویات، بچوں کی ویکسین اور دیگر سہولیات کا جائزہ لیا۔ ڈپٹی کمشنر نے گورنمنٹ گرلز ممتاز پرائمری سکول، گورنمنٹ ایم سی بوائز نمبر 6 سکول کا بھی دورہ کیا۔ جہاں انہوں نے سٹاف کی حاضری، تعلیمی صورتحال کا جائزہ لیا۔ ڈپٹی کمشنر نے کلاس رومز میں جا کر طلباء و طالبات سے انکی نصابی سرگرمیوں اور تعلیمی صورتحال بارے سوالات کیے۔ ڈپٹی کمشنر نے ستھرا پنجاب پروگرام کے تحت کمہ چوک، قلعہ صاحب سنگھ چوک اور دیگر علاقوں کا دورہ کرتے ہوئے وہاں صفائی ستھرائی کے کاموں کا جائزہ لیا۔ ڈپٹی کمشنر عبدالرزاق نے قلعہ صاحب سنگھ اور گوجرانوالہ روڈ پر قائم ماڈل ریڑھی بازاروں کا بھی دورہ کیا۔ جہاں انہوں نے اشیائے خورد و نوش کی قیمتوں، کوالٹی اور ریڑھی بازاروں کے دیگر انتظامات کا جائزہ لیا۔

انجمن خدمت خلق رجسٹرڈ ڈسکہ کا ماہانہ (751 واں) اجلاس

تقریب کا آغاز تلاوت قرآن پاک سے ہوا جسکی سعادت حافظ عبدالغفار نے حاصل کی



ڈسکہ (کھیل رپورٹر نمائندہ خصوصی) انجمن خدمت خلق رجسٹرڈ ڈسکہ کا ماہانہ (751 واں) اجلاس گزشتہ روز بمقام زچہ بچہ ہسپتال ڈسکہ زیر صدارت میاں سعید احمد صراف منعقد ہوا۔ تقریب کا آغاز تلاوت قرآن پاک سے ہوا جسکی سعادت حافظ عبدالغفار نے حاصل کی۔ نعت رسول مقبول ﷺ کی سعادت انوار احمد سیال نے حاصل کی۔ جنرل سیکرٹری محمد انور مغل نے گزشتہ ماہانہ اجلاس ماہ دسمبر 2024 کی کاروائی پیش کی جسکی توثیق کر دی گئی۔ فنانس سیکرٹری انور احمد سیال نے آمدن و اخراجات ماہ دسمبر کا گوشوارہ پیش کیا بعد از بحث جسکی منظوری دے دی گئی۔ سیکرٹری نشر و اشاعت سہیل سلمان ٹھروہی نے اپنی رپورٹ میں اخبارات کے تراشے پیش کئے۔ ان کی کارکردگی کو سراہا گیا۔ اجلاس میں صدر میاں سعید احمد صراف نے کہا کہ رمضان المبارک قریب آرہا ہے لہذا تمام ممبران سے گزارش ہے کہ ادارے کے لے فنڈ ریزنگ کریں۔ شہر ڈسکہ میں امن و امان کے حوالے سے انتظامیہ سے اپیل کی گئی کے شہریوں کے امن و امان اور مال و جان کی حفاظت کے بہتر اقدامات کریں۔ جنرل سیکرٹری نے تمام ممبران ایسوسی ایشن کو درخواست کی کہ مہینے میں ایک یا دو بار ہسپتال کا وزٹ کیا کریں اور معاملات کا جائزہ لیا کریں۔

رمضان المبارک کا استقبال کرنا اللہ کو راضی کرنا سنت سے محبت کا اظہار ہے

رمضان المبارک امت مسلمہ کیلئے خصوصی انعام خداوندی ہے: مولانا اکبر نقشبندی

گوجرانوالہ (رانا ظفر اقبال قوت بیورو) سنی اتحاد کونسل کے صوبائی سیکرٹری اطلاعات الحاج مولانا محمد اکبر نقشبندی نے کہا ہے کہ ماہ رمضان المبارک کا استقبال کرنا دراصل اللہ کریم کو راضی کرنا اور قرآن و سنت سے محبت کا اظہار ہے، رمضان المبارک امت مسلمہ کیلئے خصوصی انعام خداوندی ہے، اپنی مرضی چھوڑ کر خدا کی مرضی اپنانا ہی دراصل روزہ ہے، رمضان المبارک میں نماز روزے تلاوت قرآن پاک کی پابندی اور مستحقین کی مدد کرنی چاہیے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے استقبال رمضان المبارک کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر ڈویژنل صدر الحاج سرفراز احمد تارڑ، پیر سید فدا حسین شاہ حافظ آبادی، صاحبزادہ محمد نعمان صدیقی، حافظ عدیل عارف، علامہ محمد عمر صدیقی، چوہدری عمر سلیم گجر اور دیگر نے خطاب کیا۔ انہوں نے کہا کہ شعبان کے مہینے میں رمضان المبارک کی بھرپور تیاری کا موقع ملتا ہے، حضور نبی کریم ماہ شعبان میں صحابہ کرام کو اکٹھا کر کے خطبہ دیتے اور رمضان المبارک کے فضائل و مسائل بیان کرتے۔ ہزاروں رحمتوں اور برکتوں کو اپنے دامن میں لئے ہم پر سایہ فگن ہونے والا ہے، یہ بابرکت مہینہ ایمان و تقوی کا آئینہ دار اور جہنم سے نجات کا ہے، اس میں بندوں کے اعمال اور نیکیوں کے اجر و ثواب کے پیمانے سترگنا بڑھا دیئے جاتے ہیں۔

دوڑ میلہ بوٹے والی جھال جڑانوالہ ستیانہ روڈ 23 فروری بروز اتوار کو ہوگی

چوہدری شہباز گجر (یو کے والے) کی طرف سے دوڑ میلہ کا انعقاد جس میں میرے علاقہ کا ہر نوجوان اور بزرگ حصہ لے گا



فیصل اباد (مسعود احمد بھٹہ) دوڑ میلہ بوٹے والی جھال جڑانوالہ ستیانہ روڈ 23 فروری بروز اتوار کو ہوگی۔ چوہدری شہباز گجر (یو کے والے) کی طرف سے دوڑ میلہ کا انعقاد جس میں میرے علاقہ کا ہر نوجوان اور بزرگ حصہ لے گا زندگی اللہ کا سب سے قیمتی انعام ہے جوانی زندگی کا سب سے انمول لمحہ مگر یہ لمحہ بھی پلک جھپکتے گزر جاتا ہے تب انسان دم بہ دم ماضی کو یاد کرتا ہوا کمزوری اور ضعیفی کا شکار ہونے لگتا ہے اور یوں شام ہو جاتی ہے چوہدری شہباز گجر (یو کے والے) نے اپنے ایک بیان میں کہا ہے کہ یہ دوڑ میلہ دوستانہ میچ ایک سنہری دور کی عکاسی کرتا ہے جس میں ہمارے قابل احترام بزرگوں نے ماضی حال میں لا کر یادیں تازہ کر دی جس میں ہر عمر کے لوگ حصہ لے سکتے ہیں 20 سال سے لے کر 70 سال کی عمر کے افراد اور ان میں جیتنے والے کو 1 ٹرافی بھی دی جائے گی اور چوہدری شہباز گجر (یو کے والے) نے کہا ہے کہ نوجوانوں کے لئے پیغام ہے کہ وہ کھیل کے میدانوں کو آباد کریں اور کھیل کی طرف راغب ہوں چونکہ ایک صحت مند دماغ صحت مند جسم میں ہی ہوتا ہے جبکہ بزرگ کھلاڑی بھی اپنے آپ کو فٹ رکھنے کے لیے ہلکی پھلکی ورزش اور کھیل کے میدانوں میں نوجوان نسل کو اپنے تجربے کی بنیاد پہ گائیڈ کریں تاکہ نئی نسل میں کھیل کا رجحان پروان چڑھے اور آخر میں ایک شاعر کے ساتھ

مانا کہ ہمارے بعد نہ رکے گی یہ دنیا
مگر ہمارے بعد ہمارا تذکرہ تو رہے گا۔

ڈی پی او کیپٹن (ر) بلال افتخار کیانی کی چوکی علی آباد میں کھلی کچہری

عوامی مسائل کے فوری اور موثر حل کیلئے پولیس افسران کو موقع پر احکامات جاری



جھنگ (بیورو رپورٹ) ڈی پی او کیپٹن (ر) بلال افتخار کیانی کی چوکی علی آباد میں کھلی کچہری۔ عوامی مسائل کے فوری اور موثر حل کیلئے پولیس افسران کو موقع پر احکامات جاری۔ تفصیلات کے مطابق ڈی پی او کیپٹن (ر) بلال افتخار کیانی نے اوپن ڈور پالیسی کے تحت شہریوں کو انصاف کی بروقت فراہمی کیلئے چوکی علی آباد میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا۔ ڈی پی او نے شہریوں کے مسائل کے فوری اور موثر حل کیلئے پولیس افسران کو موقع پر احکامات جاری کیے۔ ڈی پی او نے شہریوں سے مفتیات فروشی کی صورتحال اور ٹاؤٹوں کی مداخلت کے بارے استفسار بھی کیا جس پر شہریوں نے کھلی کچہری میں جرائم کے خلاف موثر کارکردگی کو سراہتے ہوئے اعتماد کا اظہار کیا اور شہریوں کی نشاندہی پر ڈی پی او کی طرف سے پولیس افسران کو قحبہ خانوں کے خلاف کریک ڈاؤن کی تنبیہ کی گئی۔ ڈی پی او کا کہنا تھا کہ شہریوں کے مسائل کو انکی دہلیز پر حل کرنے کیلئے کھلی کچہریوں کا انعقاد کیا جا رہا ہے۔ مفتیات فروشی کے خاتمے کیلئے جھنگ پولیس موثر کریک ڈاؤن جاری رکھے ہوئے ہے۔ ڈی پی او کا مزید کہنا تھا کہ پبلک سروس ڈیلوری میں مزید بہتری کیلئے اقدامات کا سلسلہ جاری ہے

شہید کی جو موت ہے وہ قوم کی حیات ہے: ایس ایس جی کمانڈو سپہ دخاک

عارف والا سے تعلق رکھنے والے ملک و قوم کے بہادر بیٹے ایس ایس جی کمانڈو سمیر چوہدری کو خراج عقیدت



عارف والا (امیر احمد خان سے) بلوچستان میں ملک دشمن عناصر سے لڑتے ہوئے عارف والا سے تعلق رکھنے والے ملک و قوم کے بہادر بیٹے ایس ایس جی کمانڈو سمیر چوہدری جام شہادت نوش کر گئے شہید کی جو موت ہے وہ قوم کی حیات ہے بلوچستان میں میں دشمن کے ناپاک عزائم کا خاتمہ کرتے ہوئے عارف والا سے تعلق رکھنے والے ملک و قوم کے بہادر بیٹے ایس ایس جی کمانڈو سمیر چوہدری نے خود کو وطن عزیز پر قربان کرتے ہوئے جام شہادت نوش کیا اس بہادر بیٹے کی نماز جنازہ ان کے آبائی گاؤں میں پورے فوجی اعزاز کے ساتھ ادا کی گئی نماز جنازہ میں اعلی فوجی افسران سمیت سول سوسائٹی اور علاقہ بھر سے لوگوں نے بھرپور شرکت کی پاک رینجرز کے چاک چوبند دستے نے سلامی بھی پیش کی شہید ایس ایس جی کمانڈو سمیر چوہدری کو پورے فوجی اعزاز کے ساتھ ان کے آبائی گاؤں 48 ای بی میں سپرد خاک کیا گیا۔

سمندری/میرا جینا مرنا حلقہ کے عوام کیساتھ ہے، چوہدری عادل

حلقہ پی پی 105 کے عوام کیساتھ میرا تعلق جسم اور روح کی مانند ہے، حلقہ میں فوت شدگان کے لواحقین کیساتھ اظہار تعزیت کے موقع پر گفتگو



سمندری (کھیل رپورٹر) میرا جینا مرنا حلقہ کے عوام کیساتھ ہے، حلقہ پی پی 105 کے عوام کیساتھ میرا تعلق روح اور جسم کا ہے جسے کبھی بھی فراموش نہیں کر سکتا۔ ان خیالات کا اظہار پاکستان تحریک انصاف حلقہ پی پی 105 کے ٹکٹ ہولڈر ضلعی صدر فیصل آباد چوہدری عادل پرویز سلطان گجر نے حلقہ میں فوت شدگان کے لواحقین کیساتھ اظہار تعزیت کے موقع پر مرحومین کے درجات کی بلندی کیلئے فاتحہ خوانی کے بعد گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر چوہدری امجد گجر، سینئر صحافی محمد اعظم رضا راول، چوہدری مبشر حیات گجر، حاجی شہزاد چوہدری موجود تھے۔ چوہدری عادل پرویز سلطان چک نمبر 140 گ ب میں چوہدری مظہر ٹھیکیدار کی رہائش گاہ پر ان کے بڑے بھائی کی عیادت کیلئے بھی پہنچے اور مریض کی تیمارداری کرتے ہوئے اللہ رب العزت سے ان کیلئے جلد صحت یابی کی دعاء کرتے ہئے اپنی نیک تمناؤں کا اظہار کیا۔

تین روزہ رنگا رنگ جشن چنیوٹ کا آغاز ہوگیا

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) تین روزہ رنگا رنگ جشن چنیوٹ کا آغاز ہوگیا۔ ضلع کی تاریخ کے سب سے بڑے جشن چنیوٹ کا افتتاح ڈپٹی کمشنر صفی اللہ گوندل نے ہائی گراؤنڈ میں کیک کاٹ کر کیا۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل طلحہ سعید سمیت ضلعی انتظامیہ کے افسران بھی شریک تھے۔ یادگار افتتاحی تقریب میں طالب علموں اور سول ڈیفنس کے اہلکاروں نے مارچ پاسٹ کا شاندار مظاہرہ کیا۔ جھومر، لڈی اور دیگر روایتی پروگرامز نے افتتاحی تقریب کو یادگار بنا دیا۔

اساتذہ طالبعلموں کی قابلیت اور استعداد کار بڑھانے کیلئے ان پر بھرپور توجہ مرکوز کریں: ڈپٹی کمشنر علی اکبر

جھنگ (بیورو رپورٹ) ڈپٹی کمشنر علی اک

DAILY QUWAT
ایڈیٹوریل
quwateditorial786@gmail.com
نوٹ: ادارہ تمام کالم نیک نیتی کی بنیاد پر شائع کرتا ہے لہٰذا کسی بھی کالم نگار کی رائے سے ادارے کا متفق ہونا ضروری نہیں

پنجاب میں الیکٹرو بس کا افتتاح اور ون ڈش کی خلاف ورزی پر نوٹس

وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے الیکٹرو بس سروس پائلٹ پراجیکٹ کا افتتاح کر دیا۔ تقریب سے خطاب میں وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے الیکٹرک بس کا کرایہ 20 روپے مقرر کرنے، طلبہ، بزرگ شہریوں اور سپیشل افراد کیلئے مفت سفر کی سہولت کا اعلان کیا۔ مریم نواز شریف نے اگست میں مزید 500 الیکٹرک بسیں لانے، فیصل آباد اور گوجرانوالہ میں بھی اگلے مالی سال تک میٹرو بس شروع کرنے کا اعلان کیا۔ موسمیاتی تبدیلیوں کے تباہ کن اثرات سے بچنے کے لیے جن اقدامات کی ضرورت ہے ان میں ڈیزل اور پٹرول پر چلنے والی ٹرانسپورٹ میں کمی اور اصلاح لازم ہوگئی تھی۔ الیکٹرو بسیں اس حوالے سے اہم کردار ادا کریں گی۔ گزشتہ ہفتوں سموگ نے شہروں شہروں کو اپنی لپیٹ میں لے کر شہری زندگی اجیرن کر دی تھی اور باقی کسر فوگ یعنی دھند نے نکال دی۔ اب ایسی آلودگی میں کافی حد تک کمی آئیگی۔ پنجاب حکومت کی طرف سے طلبہ میں پہلے ہی الیکٹرک بائیکس تقسیم کرنے کا سلسلہ جاری ہے۔ یہ سارے ماحول دوست اقدامات ہیں۔ الیکٹرک بسوں کے سڑکوں پر آنے سے عام ادمی کو زبردست سہولت ملے گی۔ آج کے دور میں سٹاپ ٹو سٹاپ چنگچی کا کرایہ بھی 50 روپے ہے۔ الیکٹرک بس پر سفر کرنے کے لیے عام شہری کو صرف 20 روپے کا ٹکٹ خریدنا ہوگا جبکہ معذوروں اور بزرگوں کے لیے سفر فری ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے شادیوں کی تقریبات میں ون ڈش کی خلاف ورزی کے واقعات پر سخت برہمی کا اظہار کیا اور صوبے بھر میں ڈپٹی کمشنرز کو ون ڈش کی پابندی پر سختی سے عملدرآمد یقینی بنانے کا حکم دیا ہے۔ یہ حیران کن امر ہے کہ ون ڈش پر پابندی کی دھجیاں اڑا کے رکھ دی گئی تھیں وزیراعلیٰ کی طرف سے اس پر بجا نوٹس لیا گیا ہے۔ ون ڈش پابندی کا اطلاق شادی ہالوں کے ساتھ ساتھ فارم ہاوسز اور دیگر مقامات پر بھی ہوگا۔ ون ڈش پابندی وزیراعلیٰ کے حکم کے مطابق نہ صرف شادیوں پر بلکہ کسی بھی قسم کی اور کہیں بھی ہونے والی تقریبات کے دوران بھی ہوگی۔ اس حوالے سے مزید ایکشن کی ضرورت ہے کہ ون ڈش کی پابندی غیر موثر کیسے ہوگئی تھی۔

مصطفیٰ قتل کیس اور ہمارا سماج۔ انسانی حقوق کے علمبردار کی نظر میں

جرائم کیوں ہوتے ہیں یا جرائم کو کیسے کم کیا جاسکتا ہے۔ اگر ہم اپنے معاشرے کا معاشی سماجی عمرانی اور نفسیاتی جائزہ لیں تو ہمارے سامنے جرائم ہونے کے اور خاص طور طور پر جس طرح مصطفیٰ کو قتل کیا گیا کے کئی محرکات سامنے آتے ہیں۔ جرائم کیوں ہوتے ہیں یا انہیں کیسے کم کیا جاسکتا ہے؟ اگر ہم اپنے معاشرے کا جائزہ لیں تو کئی عوامل ہمارے سامنے آتے ہیں جو نوجوانوں کو جرم کی طرف مائل کرتے ہیں۔ خاص طور پر جس طرح مصطفیٰ کو قتل کیا گیا، اس جیسے واقعات کے پس منظر میں مختلف وجوہات کارفرما ہوتی ہیں۔ غربت اور بے روزگاری نوجوانوں کو مجبوری میں جرم کی راہ دکھاتی ہیں، جبکہ والدین کی طرف سے اخلاقی تربیت کا فقدان انہیں درست اور غلط کے درمیان تمیز کرنے میں ناکام بنا دیتا ہے۔ تعلیم، جو کردار سازی کا اہم ذریعہ ہے، اگر اپنے مقصد میں ناکام ہو جائے تو نوجوانوں میں اخلاقی اقدار کمزور پڑ جاتی ہیں۔ مزید برآں، یہ بھی ایک حقیقت ہے کہ ہم بطور معاشرہ اچھے مسلمان نہیں ہیں اور نہ ہی اپنی مذہبی تعلیمات اور روایات پر عمل کرتے ہیں، جس کی وجہ سے ہمارے معاشرتی اور اخلاقی اقدار میں تنزلی آتی جا رہی ہے۔ سوشل میڈیا بھی ایک بڑا عنصر ہے جہاں غیر مناسب مواد نوجوانوں کے ذہنوں پر منفی اثر ڈالتا ہے۔ جب معاشرے میں قانون کی عملداری کمزور ہو اور مجرموں کو بروقت اور سخت سزا نہ ملے تو اس سے دوسروں کے حوصلے بھی بلند ہوتے ہیں۔ اسی طرح نشے کی لت اور ذہنی دباؤ نوجوانوں کو اپنی زندگی اور دوسروں کی زندگیوں کے لیے خطرہ بنا دیتے ہیں۔ دوستی اور ہم عمروں کے دباؤ کی وجہ سے بھی بعض اوقات نوجوان جرم کی طرف مائل ہوتے ہیں۔ معاشرتی عدم مساوات، جہاں امیر اور غریب کے درمیان بڑھتا ہوا فرق نوجوانوں میں احساس محرومی پیدا کرتا ہے، بھی جرائم کی ایک وجہ ہے۔ اسی طرح فوری خواہشات کی تکمیل کے رجحان کے باعث نوجوان صبر اور محنت کی بجائے غلط راستوں کا انتخاب کرتے ہیں۔ عالمی شہرت یافتہ کرائم اینالسٹ بھی اس بات پر متفق ہیں کہ جرائم کی وجوہات میں سماجی اور نفسیاتی عوامل بنیادی کردار ادا کرتے ہیں۔ معروف تجزیہ نگار جان ڈگلس کا کہنا ہے کہ ''جرم کا ارتکاب کرنے والے اکثر لوگ اپنی زندگی میں شدید ذہنی دباؤ اور محرومی کا سامنا کرتے ہیں۔'' برطانوی کرائم رپورٹر ڈیوڈ ولسن کے مطابق ''اگر کسی معاشرے میں انصاف کا نظام کمزور ہو، تو جرائم پیشہ افراد کے حوصلے بلند ہوتے ہیں۔'' مشہور امریکی وکیل ایلن ڈرشووٹز کہتے ہیں کہ ''قانون کی عملداری اور بروقت سزا ہی جرائم کے خاتمے کی کنجی ہے۔'' اسی طرح معروف فرانسیسی ماہر عمرانیات ایمیل دورکھائم نے کہا کہ ''معاشرتی اقدار میں انحطاط جرائم کے بڑھنے کی ایک اہم وجہ ہے۔'' آسٹریلوی کرائم اینالسٹ کیتھرین رمسی کا کہنا ہے کہ ''تعلیمی نظام اور خاندانی تربیت میں خلا نوجوانوں کو غلط راستوں کی طرف دھکیل دیتا ہے۔'' ان تمام محرکات پر قابو پانے کے لیے ضروری ہے کہ ہم اپنے تعلیمی نظام کو بہتر بنائیں تاکہ کردار سازی اور اخلاقی اقدار کو فروغ دیا جاسکے۔ خاندانی تربیت پر زور دیا جائے تاکہ بچے بچپن ہی سے صحیح اور غلط میں تمیز سیکھ سکیں۔ والدین اور اساتذہ بچوں میں دینی اور اخلاقی تعلیمات کو اجاگر کریں تاکہ وہ نہ صرف اچھے شہری بلکہ اچھے مسلمان بھی بن سکیں۔ قانون کی عملداری کو یقینی بنایا جائے تاکہ مجرموں کو بروقت اور عبرتناک سزا ملے۔ ان اقدامات کے ذریعے ہم ایک محفوظ اور پرامن معاشرے کی بنیاد رکھ سکتے ہیں۔ کراچی کے علاقے ڈیفنس میں جنوری 2025 میں پیش آنے والا مصطفیٰ عامر قتل کیس ایک ہولناک اور سنسنی خیز واقعہ بن چکا ہے۔ اس قتل نے نہ صرف شہر بھر میں خوف و ہراس پھیلا دیا بلکہ قانون نافذ کرنے والے اداروں اور عدالتی نظام کے لیے بھی ایک بڑا امتحان بن گیا ہے۔ اس مضمون میں ہم اس کیس کے تمام پہلوؤں کا جائزہ لیں گے، جن میں پولیس کا مؤقف، عدالتی کارروائی، مقتول کے اہل خانہ کا موقف اور ملزمان کا دفاع شامل ہیں۔ 6 جنوری 2025 کو 24 سالہ مصطفیٰ عامر اپنے گھر سے یہ کہہ کر نکلا کہ وہ اپنے دوست ارمغان سے ملنے جا رہا ہے۔ اس کے بعد وہ لاپتہ ہوگیا اور اہل خانہ نے فوری طور پر پولیس سے رابطہ کیا۔ چند دن بعد بلوچستان کے علاقے حب چوکی کے قریب ایک جلی ہوئی گاڑی سے ایک لاش برآمد ہوئی، جس کی شناخت بعد میں ڈی این اے ٹیسٹ کے ذریعے مصطفیٰ کے طور پر ہوئی۔ پولیس کے مطابق، ابتدائی تفتیش میں یہ انکشاف ہوا کہ مصطفیٰ اور ارمغان کے درمیان ایک لڑکی کے معاملے پر تنازع تھا۔ نئے سال کی رات دونوں کے درمیان جھگڑا ہوا تھا، جس کے بعد ارمغان نے مصطفیٰ کو اپنے گھر بلا کر لوہے کی راڈ سے شدید تشدد کا نشانہ بنایا اور گولی مار کر قتل کر دیا۔ تفتیشی حکام کے مطابق، قتل کے بعد ارمغان اور اس کے ساتھی شیراز نے لاش کو گاڑی کی ڈگی میں رکھا اور حب چوکی کے قریب لے جا کر گاڑی سمیت آگ لگا دی۔ شیراز نے اعتراف کیا کہ مصطفیٰ کو نیم بے ہوشی کی حالت میں زندہ جلایا گیا۔ مصطفیٰ کی والدہ کا کہنا ہے کہ ان کے بیٹے نے قتل سے قبل اپنے دوست کو آڈیو پیغام بھیجا تھا کہ وہ ارمغان کے پاس جا رہا ہے۔ انہوں نے سوال اٹھایا کہ اگر یہ پیغام دوست کے پاس تھا تو پولیس کو بروقت اطلاع کیوں نہیں دی گئی؟ والدہ نے مزید الزام عائد کیا کہ قتل کے بعد ارمغان نے مذکورہ لڑکی کو بتایا تھا کہ اس نے مصطفیٰ کو قتل کر دیا ہے اور یہ کہ لڑکی نے ارمغان کو اس جرم پر اکسایا تھا۔ ان کا کہنا ہے کہ یہ لڑکی گزشتہ چار سال سے ان کے بیٹے کو دھوکہ دے رہی تھی۔ اہل خانہ نے مطالبہ کیا ہے کہ مزید شواہد کے لیے مصطفیٰ کی قبر کشائی کی جائے۔ ارمغان اور شیراز نے ابتدائی طور پر اپنے جرم سے انکار کیا، تاہم پولیس تفتیش کے دوران شیراز نے اعتراف جرم کر لیا۔ اس نے بتایا کہ ارمغان نے منصوبہ بندی کے تحت مصطفیٰ کو قتل کیا اور بعد میں لاش کو جلانے کا فیصلہ کیا۔ دوسری جانب، ارمغان نے عدالت میں موقف اختیار کیا کہ اس پر جھوٹے الزامات لگائے جا رہے ہیں اور اسے ایک سازش کے تحت پھنسایا گیا ہے۔ اس کے والد نے بھی عدالت میں شور شرابا کیا اور جج کے چیمبر میں گھسنے کی کوشش کی، جس کے بعد پولیس اور رینجرز کی نفری طلب کی گئی۔ اس کیس کی سماعت انسدادِ دہشت گردی کی عدالت میں جاری ہے۔ پراسیکیوٹر جنرل نے ملزم ارمغان کے ریمانڈ میں توسیع کی درخواست دی، جسے عدالت نے منظور کر لیا۔ اس دوران، تفتیشی حکام نے انٹرپول کے ذریعے نمایاں آمدنی حاصل کرنے کی توقع ہے۔ میچوں میں ہزاروں شائقین کی شرکت کی توقع کے ساتھ مقامی کاروبار، جیسے کہ ہوٹل، ریسٹورنٹس اور دکانیں، ممکنہ طور پر فروخت میں اضافہ دیکھیں گے۔ آئی سی سی چیمپئنز ٹرافی جیسے بڑے بین الاقوامی کرکٹ ٹورنامنٹ کی میزبانی سے پاکستان کے امیج کو عالمی سطح پر فروغ دینے میں مدد ملے گی اور ہائی پروفائل ایونٹس کے انعقاد میں اس کی صلاحیتوں کا مظاہرہ ہوگا۔ ٹورنامنٹ کی تیاری کے نتیجے میں لاہور، کراچی اور راولپنڈی میں کرکٹ سٹیڈیمز کی تزئین و آرائش کی گئی ہے، جس سے طویل مدت میں ملک کے کرکٹ انفراسٹرکچر کو فائدہ ہوگا۔ کرکٹ کے نئے میدانوں کی اہمیت اجاگر ہوگی اور ہرتنی ھاوسنگ سکیم کو کرکٹ کے میدان بنانے کی طرف توجہ ہوگی۔ یہ ٹورنامنٹ پاکستان اور دورہ کرنے والی ٹیموں کے درمیان ثقافتی تبادلے کا موقع فراہم کریگا، عوام کے درمیان تعلقات اور باہمی افہام وتفہیم کو فروغ دے گا۔ آئی سی سی چیمپئنز ٹرافی پاکستان میں کرکٹ کو فروغ دینے میں مدد کرے گی، نوجوان کھلاڑیوں اور شائقین کو متاثر کرے گی اور ممکنہ طور پر اس کھیل میں شرکت اور دلچسپی میں اضافے کا باعث بنے گی۔ بچے جو گلیوں کی کرکٹ سے دور ہو گئے تھے پھر گلیاں آباد کریں گے ادھر سے ہی ہیرے نکلیں گے کوئی وسیم اکرم مشتاق محمد یوسف راغب ہوں گے۔ مجموعی طور پر آئی سی سی چیمپئنز ٹرافی 2025 کی میزبانی پاکستان کے لیے ایک اہم کامیابی



محسن نقوی کرکٹ اور پاکستان کی سفارتی کامیابی

پاکستان میں کوئی خبر جو عوام کی دل کی دھڑکنوں کو تیز کر دے جس میں تمام عمر کے لوگ الگ سیاسی نظرے کے باوجود ایک دوسرے کی خوشی کے بجائے ملک کی بات کریں وہ ہی بڑی خوشی ہوسکتی ہے چیمپئنز ٹرافی کا پاکستان میں مکمل طور پر نہ ہونے کے باوجود پاکستان کی کامیابی ہے اور عوام کے لیے امیدوں کے چراغ جلانے کے مترادف ہے۔ پہلا میچ ہارنے کے باوجود کرکٹ جیت گئی اور ہندوستان کرکٹ کو برباد کرنے کے ملک کے طور پر سامنے ہے سیاست کو کھیل کے میدان میں لا کے دنیا بھر کے کرکٹ کے دیوانے دل میں بھارت کے منفی طرز عمل کے بارے میں رائے رکھتے ہیں اور تاریخ ہمیشہ لکھتی رہے گی کہ بھارتی حکمران پاکستان کی دشمنی میں دنیائے کرکٹ کو بھی تباہ کرنے کی کوششوں میں مصروف سب لوگ اپنی رائے ضرور رکھتے ہیں۔ آئی سی سی چیمپئنز ٹرافی 2025 آخر کار پاکستان میں ہو رہی ہے اور اس سے ملک کے لیے بہت سے فوائد کی توقع ہے۔ یہاں کچھ اہم اثرات اور فوائد سے ملک کے غریب عوام کو روزگار کے مواقع بھی حاصل ہوں گے۔ ٹورنامنٹ سے پاکستان کے لیے سیاحت، کفالت اور نشریاتی حقوق کے ذریعے نمایاں آمدنی حاصل کرنے کی توقع ہے۔ میچوں میں ہزاروں شائقین کی شرکت کی توقع کے ساتھ مقامی کاروبار، جیسے کہ ہوٹل، ریسٹورنٹس اور دکانیں، ممکنہ طور پر فروخت میں اضافہ دیکھیں گے۔ آئی سی سی چیمپئنز ٹرافی جیسے بڑے بین الاقوامی کرکٹ ٹورنامنٹ کی میزبانی سے پاکستان کے امیج کو عالمی سطح پر فروغ دینے میں مدد ملے گی اور ہائی پروفائل ایونٹس کے انعقاد میں اس کی صلاحیتوں کا مظاہرہ ہوگا۔ ٹورنامنٹ کی تیاری کے نتیجے میں لاہور، کراچی اور راولپنڈی میں کرکٹ سٹیڈیمز کی تزئین و آرائش کی گئی ہے، جس سے طویل مدت میں ملک کے کرکٹ انفراسٹرکچر کو فائدہ ہوگا۔ کرکٹ کے نئے میدانوں کی اہمیت اجاگر ہوگی اور ہرتنی ھاوسنگ سکیم کو کرکٹ کے میدان بنانے کی طرف توجہ ہوگی۔ یہ ٹورنامنٹ پاکستان اور دورہ کرنے والی ٹیموں کے درمیان ثقافتی تبادلے کا موقع فراہم کریگا، عوام کے درمیان تعلقات اور باہمی افہام وتفہیم کو فروغ دے گا۔ آئی سی سی چیمپئنز ٹرافی پاکستان میں کرکٹ کو فروغ دینے میں مدد کرے گی، نوجوان کھلاڑیوں اور شائقین کو متاثر کرے گی اور ممکنہ طور پر اس کھیل میں شرکت اور دلچسپی میں اضافے کا باعث بنے گی۔ بچے جو گلیوں کی کرکٹ سے دور ہو گئے تھے پھر گلیاں آباد کریں گے ادھر سے ہی ہیرے نکلیں گے کوئی وسیم اکرم مشتاق محمد یوسف راغب ہوں گے۔ مجموعی طور پر آئی سی سی چیمپئنز ٹرافی 2025 کی میزبانی پاکستان کے لیے ایک اہم کامیابی



ہے اور اس سے ملک کی معیشت، بنیادی ڈھانچے اور عالمی امیج پر مثبت اثرات مرتب ہونے کی توقع ہے۔ بیان "بھارت کرکٹ کا دشمن ہے "ایک مضبوط اور اشتعال انگیز دعوی ہے، جو اکثر بین الاقوامی کرکٹ میں ہندوستان کے اثر و رسوخ اور اقدامات سے مایوسی اور مایوسی کا اظہار کرنے کے لیے استعمال ہوتا ہے۔ اس جذبات کے بین الاقوامی کرکٹ کونسل) آئی سی سی (میں ہندوستان کی اہم مالی شراکت اسے فیصلہ سازی کے عمل پر کافی اثر و رسوخ فراہم کرتی ہے، جس سے غیر منصفانہ غلبہ کے تصورات جنم لے سکتے ہیں۔ سیکورٹی خدشات اور سیاسی تناو کا حوالہ دیتے ہوئے، بھارت کا پاکستان کے ساتھ دوطرفہ کرکٹ سیریز کھیلنے سے انکار، کرکٹ کو سیاست کرنے کے الزامات اور مایوسی کا باعث بنا ہے۔ آئی پی ایل اور کھلاڑیوں کی پابندیاں: بین الاقوامی کرکٹ میں انڈین پریمیئر لیگ(IPL) کا غلبہ دوسرے ممالک کے کھلاڑیوں پر حریف لیگوں میں حصہ لینے پر پابندیوں کا باعث بنا ہے، جسے تحفظ پسند اور عالمی کھیل کے لیے نقصان دہ کے طور پر دیکھا جاسکتا ہے۔ کرکٹ گورننس میں ہندوستان کے اثر و رسوخ کی وجہ سے خود غرضی کے الزامات اور فیصلہ سازی کے عمل میں شفافیت کی کمی ہے۔ کرکٹ گورننس میں ہندوستان کا سمجھا جانے والا غلبہ دیگر کرکٹنگ ممالک سے اعتماد اور تعاون کی کمی کا باعث بن سکتا ہے۔ حریف لیگوں میں کھلاڑی کی شرکت پر پابندیاں کھیل میں مسابقت اور جدت کو روک سکتی ہیں دوطرفہ کرکٹ سیریز کھیلنے سے انکار قوموں کے درمیان تعلقات کو نقصان پہنچا سکتا ہے اور بعض خطوں میں کرکٹ کی ترقی کو نقصان پہنچا سکتا ہے۔ یہ بین الاقوامی کرکٹ میں ہندوستان کے اثر و رسوخ اور اقدامات کے بارے میں کرکٹ کے کچھ شائقین اور منتظمین میں مایوسی اور تشویش کی عکاسی کرتا ہے۔ پاکستان میں آئی سی سی چیمپئنز ٹرافی 2025 کے کامیاب انتظامات اور اس پر عملدرآمد کو یقینی بنانے کے لیے منزل بہت مشکل بھی تھی مگر قوم کی دعاوں اور کی گئی کوششوں اور ٹیم ورک کے نتیجے سے یہ سب ممکن ہوا اور ایونٹ کامیابی سے آگے بڑھ رہا ہے اس بات کو یقینی بنائیں کہ تمام مقامات بشمول سٹیڈیم اور تربیتی سہولیات کا انتخاب اور تماشائیوں کو ایڈجسٹ کرنے کے لیے انفراسٹرکچر کو اپ گریڈ کریں، بشمول سڑکیں، ہوٹلز اور ٹرانسپورٹیشن سسٹم۔ مضبوط حفاظتی اقدامات کو نافذ کریں، بشمول نگرانی کے نظام، رسائی کنٹرول اور ہنگامی ردعمل کے منصوبے عہدیداروں اور میڈیا اہلکاروں کے لیے ٹکٹنگ کا نظام اور ایکریڈیٹیشن کا عمل تیار کریں۔ ایونٹ کو فروغ دینے اور شائقین کو راغب کرنے کے لیے ایک میچ کا شیڈول بنائیں جو ٹیموں کے لیے منصفانہ کھیل اور کم سے کم سفر کو یقینی بنانے کے لیے کوشش کی گئی ہے اس بات کو یقینی بنائیں کہ تمام ٹیموں اور عہدیداروں کے پاس نقل وحمل، رہائش اور کیٹرنگ سمیت ہموار اور آرام دہ تجربہ ہو۔ مداحوں کے لیے ایک دلچسپ اور پرکشش تجربہ فراہم کریں، بشمول تفریح، کھانے اور مشروبات کے اختیارات۔ اس بات کو یقینی بنائیں کہ میڈیا کے عملے کو ضروری سہولیات تک رسائی حاصل ہے، بشمول پریس کانفرنس، انٹرویو کے علاقے اور نشریاتی انفراسٹرکچر۔ ایونٹ کے دوران پیدا ہونے والے کسی بھی غیر متوقع مسائل یا ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کے لیے ایک مکمل ڈی بریفنگ اور ایونٹ کا جائزہ لیں تاکہ بہتری کے شعبوں کی نشاندہی کی جاسکے۔ میڈیا کے عملے اور مداحوں سے ان کے تجربات اور تجاویز کو سمجھنے کے لیے فیڈ بیک جمع کریں مستقبل کے واقعات کو بہتر بنانے کے لیے سیکھے گئے اسباق اور بہترین طریقوں کی دستاویز ایونٹ کے معاشی اثرات کا اندازہ لگانے اور لاگت کو بہتر بنانے کے لیے شعبوں کی نشاندہی کرنے کے لیے مالیاتی جائزہ لیں۔ محسن نقوی مبارک باد کے مستحق ہیں بلاشبہ انہوں نے کام کو کامیابی سے مکمل کیا ہے بس اب انہیں پاکستان میں کرکٹ کو سکول محلہ گلی آباد کرنے پر توجہ دینی چاہیے تاکہ قوم سٹریس سے نکلنے کی کوشش کرے جو ملک کے سیاسی نظام کی مشکلات کی وجہ سے الجھی ہوئی ہے۔

قدیم ترین فیض مراکو۔۔۔۔۔۔۔

مراکش سے چھ گھنٹے ڈرائیو کے بعد شہر فیض یا فاس پہنچے۔ روایتی دلکش گیسٹ ہاؤس میں قیام تھا۔ تنگ اور پیچیدہ گلیاں اور علم وفیض کا قدیم ترین شہر جو فاس کے نام سے بھی مشہور ہے۔ قیروان تیونس کا تاریخی شہر ہے، یہ شہر حضرت امیر معاویہ کے دور میں حضرت عقبہ بن نافع نے 670 میں تعمیر کیا، عقبہ بن نافع المغرب) شمالی افریقہ کے ممالک (کی فتح کے لیے نکلے تھے، یہ ایک ایسی فوجی چھاونی چاہتے تھے جو افریقہ میں آگے طنجہ اور پیچھے دمشق سے رابطے میں رہے، یہ جگہ پسند آئی اور آپ نے یہاں مضبوط قلعہ اور شہر تعمیر کرا دیا۔ فیض یا فاس مدینہ شہر نویں صدی میں بسا تھا اور آج تک آباد ہے۔ اس شہر کو تیرھویں اور چودھویں صدی میں تیزی سے پھلنے پھولنے کا موقع ملا۔ یہ وہ دور تھا جب مراکش میں المرینیون سلطنت قائم تھی۔ عرب ممالک کے تمام تر تاریخی شہروں میں فاس آج بھی بہتر حالت میں ہے۔ آج یہاں لوگوں کی زندگی میں نئی طرز زندگی کی جھلک نظر آتی ہے۔ لیکن شہر کا طرز، اس کا انداز آپ کو ماضی کی یاد بھی دلاتا ہے۔ فاس کے شہر کی گلیاں ایک دوسرے سی جڑی ہوآپ کو ایک کونے سے دوسرے کونے تک لے جاتی ہیں۔ شہر کے مرکز میں فوارے ہیں اور چھوٹے چھوٹے بازار لگتے ہیں۔ یہ دنیا کا سب سے قدیم علاقہ ہے۔ نقل وحمل کے لیے آج بھی یہاں پرانے طرز کی یکہ گاڑی، بگھی اور تانگے کا استعمال ہوتا ہے۔ ہر اہم عمارت پر قران کی آیتیں کندہ نظر آئیں گی۔ آپ وہاں کی نصف دیواروں پر سیرامک ٹائلز کے خوبصورت ڈیزائن دیکھ سکتے ہیں۔ اس شہر میں سیاحوں کی دلچسپی کا سب سے بڑا مرکز ایک عمارت ہے اور یہ عمارت دنیا کی قدیم ترین یونیورسٹی ہے جو ابھی تک کام کر رہی ہے۔ فاس شہر کے وسط میں جامعہ القروئین قائم ہے جو کہ دنیا کی



قدیم ترین یونیورسٹی ہے جو تسلسل کے ساتھ جاری ہے۔ یونیسکو اور گنیز بک آف ورلڈ ریکارڈز کے مطابق یہ دنیا کی قدیم ترین یونیورسٹی ہے جہاں آج بھی تعلیم وتعلم کا سلسلہ جاری ہے۔ یہ دنیا کی پہلی یونیورسٹی ہے جہاں سند یا ڈگری دینے کا رواج عام ہوا۔ جامعہ القروئین میں گذشتہ 1200 سال سے بھی زیادہ عرصے سے مسلسل درس وتدریس جاری ہے۔ عرب ممالک میں یہ تعلیم وتعلم کا قدیم ترین مرکز ہے۔ فیض اس دور کا شاندار اور تاریخی شہر تھا، یہ آج بھی دنیا کے قدیم ترین آباد شہروں میں شمار ہوتا ہے، نویں صدی میں طاعون پھیلا اور قیروان سمیت تیونس کے زیادہ تر شہر ویران ہوگئے، لوگ تیزی سے نقل مکانی کرنے لگے، ہجرت کرنے والے ان لوگوں میں قیروان کے تاجر محمد الفیری بھی شامل تھے، یہ اپنی ساری دولت کے ساتھ قیروان سے مراکش کے شہر فیض)فاس (FES منتقل ہو گئے۔ ان کی صرف دو صاحبزادیاں تھیں، فاطمہ الفیری اور مریم الفیری، محمد الفیری کا انتقال ہوا تو دونوں صاحبزادیوں کو وسیع جائیداد اور دولت ملی، بیٹیاں دین دار تھیں چنانچہ انھوں نے والد کی دولت کو فلاح عامہ کے لیے وقف کر دیا، نویں صدی میں قروئین شہر سے فاطمہ اور بہن مریم کے ساتھ یہاں آکر بس گئیں۔ قروئین شہر آج تیونس میں آباد ہے۔ فاطمہ نے فیض مدینہ میں ہی شادی کی اور جب فاطمہ کے والد فوت ہو گئے تو دونوں بہنوں نے طے کیا کہ جس معاشرے میں انھیں پناہ دی ہے وہ ان پر قرض ہے اور انھیں یہ قرض ادا کرنا چاہیے۔ لہذا فاطمہ نے جامعہ القروئین کے قیام کا منصوبہ بنایا۔ یہاں نہ صرف لوگوں کی تعلیم کے لیے بلکہ ان کی رہائش کے لیے ایک بڑی عمارت تیار کی گئی۔ جبکہ ان کی بہن مریم نے اپنے حصے کی دولت سے اندلسین نامی مسجد بنانے پر صرف کی۔ یہ مسجد اتنی وسیع تھی کہ وہاں تقریبا 20 ہزار لوگ بیک وقت نماز ادا کر سکتے تھے۔ مسجد کی سجاوٹ اعلی معیار کی ہے۔ مریم نے اپنی ساری دولت مسجد کی تعمیر میں خرچ کی جبکہ فاطمہ نے اپنے حصے کی وراثت سے یونیورسٹی تعمیر کی تاکہ یہاں لوگ تعلیم حاصل کرسکیں۔ کہا جاتا ہے کہ فاطمہ نے یونیورسٹی کے مکمل ہونے تک زیادہ تر مسلسل روزے رکھے۔ جامعہ القروئین 18 سال میں تیار ہوئی۔ لوگ مسجد کی خوبصورتی اندر باہر سے دیکھنے آتے ہیں۔ مسجد اور یونیورسٹی میں چاروں جانب دروازے ہیں۔ چھت پر ہاتھ سے مصوری کی گئی ہے۔ جس میں قدرتی رنگوں کا استعمال کیا گیا ہے۔ مراکش کا یہ شہر فاس بحر اوقیانوس اور بحیرہ روم کے کنارے آباد ہے۔ القروئین یونیورسٹی کی ابتدا ایک مدرسے کے طور پر ہوئی تھی لیکن آج دنیا بھر کے لوگ یہاں تعلیم حاصل کرنے آتے ہیں۔ آج اسے بین الاقوامی سطح پر قبولیت حاصل ہے۔ یہاں دینی علوم کے علاوہ زبان و ادب، گرامر، موسیقی، قانون، تصوف، میڈیکل سائنس، جغرافیہ کی تعلیم دی جاتی تھی۔ اس یونیورسٹی سے بڑے دانشور وابستہ رہے ہیں جن میں ابن رشد، ابن خلدون، محمد الادریسی، ابن میمون وغیرہ شامل ہیں۔ دلچسپ بات یہ ہے کہ اس یونیورسٹی کا قیام ایک خاتون نے کیا تھا لیکن سماجی وجوہات کے سبب اس میں انھیں تعلیم حاصل کرنے کی اجازت نہیں تھی۔ بہر حال اب یہ پابندی نہیں ہے اور آج مختلف مذاہب کے مرد وزن اس یونیورسٹی میں پڑھنے کے لیے آ رہے ہیں۔ افریقہ، مراکش اور اندلس کی مسجدوں کا آرکی ٹیکچر حیران کر دیتا ہے، اس آرکی ٹیکچر نے قیروان میں جنم لیا تھا، قرطبہ اور غرناطہ کے محلات اور مسجدوں کے مینار، محلوں کے فوارے، باغات اور ٹائلیں، شہر کی پتھریلی گلیاں میں مماثلت نظر آتی ہے۔ دنیا کا سب سے بڑا اسلامی قبرستان بھی فیض میں ہے، فیض میں دس لاکھ قبریں ہیں اور یہ قبریں بارہ سو سال سے موجود ہیں۔

نیا بابل، نیا پومپی آئی۔

اگر آپ کے پاس گاڑی ہے اور آپ کو کسی جگہ لازمی پہنچنا ہے اور وہ جگہ دس بارہ میل دور ہے اور اس دوران اگر آپ کو اطلاع ملتی ہے کہ اس پورے راستے میں جگہ جگہ قانون نافذ کرنے والے اداروں نے ناکے لگا رکھے ہیں، آتی جاتی گاڑیوں کی تلاشی ہو رہی ہے تو ظاہر ہے، آپ پریشان ہو جائیں گے۔ جگہ جگہ تلاشی سے تاخیر بھی ہو جائے گی اور زحمت الگ سے ہوگی۔ ایسے میں آپ کو کیا کرنا چاہیئے؟۔ ایسے میں آپ کو بس ایک کام کرنا ہے، پھر بے فکر ہو کر جایئے، کوئی آپ کو نہ روکے گا نہ تلاشی لے گا۔ البتہ بھی ہوسکتا ہے کہ ہر ناکے پر آپ کو سلیوٹ کیا جائے۔ آپ نے بس اپنی گاڑی کے آگے پیچھے سے نمبر پلیٹ اتروا دینی ہے۔ اب کس کی مجال ہے آپ کو روکے۔ دس پندرہ میل کیا، آپ لاہور سے کراچی تک اور کراچی سے کوئٹہ تک بے دھڑک سفر کیجئے۔ ظاہر ہے نا کہ لگانے والے بہت بڑے افسر نہیں ہوتے۔ درمیانے درجے کا ایک آدھ افسر ہوسکتا ہے، باقی سب ماتحت اہلکار، جنہیں اپنی زندگی اور نوکری عزیز ہے۔ وہ بنا نمبر پلیٹ کی گاڑی دیکھ کر کیا سمجھیں گے؟۔ یہی کہ اس میں کوئی بہت بڑا افسر زادہ ہے، کسی ڈان کا ولی عہد ہے، کوئی بڑا وڈیرہ، رئیس یا گدی نشین ہے، اسی لئے تو بنا نمبر پلیٹ کے جا رہا ہے۔ وہ گاڑی روک کر بہت بڑا خمیازہ بھگتے گا۔ گاڑی والا گالیاں بکتا، جھاگ اگلتا باہر نکلے گا، روکنے والے اہلکار کو دو چار تھپڑ مارے گا، ایک آدھ لات بھی جڑ دے گا، پھر وہیں کھڑے کھڑے فون کال کر کے اسے نوکری سے معطل یا ڈسمس کرا دے گا۔ مناسب سمجھے گا تو گاڑی سے کچل کر اسے جاں بحق بھی کر دے گا۔ کیا ہو جائے گا، میڈیا میں غل مچا تو ایک آدھ دن کی گرفتاری کے بعد باعزت بری ہو جائے گا اور گرفتاری اتنی ضروری بھی نہیں؟ پاکستان میں گرفتاری کے بغیر بھی بریت مل جاتی ہے، بس استحقاق ہونا ضروری ہے اور یہ جو لکھا کہ افسر زادہ تو وضاحت ضروری ہے کہ نکلنے والی افسر زادی بھی ہوسکتی ہے، افسر کی زوجہ بھی ہوسکتی ہے۔ زوجہ افسر یا افسر زادی کی سہیلی بھی ہوسکتی ہے، ایک کیا، تین تین کو چکل کر ہلاک کرنے کا کوٹہ تو ہر ایک کے پاس



ہے۔ کراچی میں ایک امیر زادے نے اپنے دوست کو قتل کر کے لاش بنا نمبر پلیٹ والی گاڑی میں رکھی، سارا کراچی کراس کیا، بلوچستان کی سرحد عبور کی اور بہت دور جا کر لاش کو نذر آتش کر دیا۔ پولیس والے اسے گرفتار کرنے کی جرات ہی نہیں کر سکے۔ میڈیا میں یہ بات س



حکیم عبدالرحیم ہاشمی

ریشہ، لحمیات، وٹامن سی، جست، تانبہ، فولاد اور کیلشیم سے بھرپور

جان لیوا امراض کا علاج اور سرما میں مفید ترین "پستہ"

کسی بھی گری کے مقابلے میں پستوں میں اینٹی آکسائیڈنٹس کی مقدار سب سے زیادہ بہترین غذاؤں میں سے ایک مانا جاتا ہے

اینٹی آکسائیڈنٹس صحت کے لیے لازمی کیونکہ یہ خلیات کو ہونے والے نقصان کی روک تھام کرنے کے ساتھ مختلف امراض جیسے کینسر کا خطرہ کم کرتے ہیں

پستہ صحت کے لیے مفید عناصر سے بھرپور ہوتا ہے اور یہ متعدد بیماریوں سے تحفظ بھی فراہم کرتا ہے۔ اس کے بے شمار فائدے ہیں جن میں بعض کا تعلق جلد اور بالوں کی خوبصورتی سے ہے۔ اس میں بڑی مقدار میں ریشہ، لحمیات، وٹامن سی، جست، تانبہ، فولاد اور کیلشیم پایا جاتا ہے۔ بس یہ سمجھ لیجیے کہ یہ قدرتی حسن افروز مرکب ہے۔

پستے صرف مزیدار اور کھانے میں مختلف میٹھے پکوانوں میں بھی اس کو شامل کیا جاتا ہے۔

صحت کے لیے فائدہ مند غذائی اجزا سے بھرپور

پستے بہت زیادہ پرغذائیت ہوتے ہیں جس کے 28 گرام مقدار یا 49 دانوں میں درج ذیل غذائی اجزا جیسے 159 کیلوریز، 8 گرام کاربوہائیڈریٹس، 3 گرام فائبر، 6 گرام پروٹین، 13 گرام چکنائی (90 فیصد ان سچوریٹڈ فیٹس)، پوٹاشیم کی روزانہ درکار مقدار کا 6 فیصد حصہ پوٹاشیم، فاسفورس کی روزانہ درکار مقدار کا 11 فیصد حصہ، وٹامن بی سکس کی روزانہ درکار مقدار کا 28 فیصد حصہ، تھایامین کی روزانہ درکار مقدار کا 21 فیصد حصہ، کاپر کی روزانہ درکار مقدار کا 41 فیصد حصہ، میگنیز کی روزانہ درکار مقدار کا 15 فیصد حصہ موجود ہوتا ہے۔ اسی طرح پستے وٹامن بی سکس سے بھرپور غذاؤں میں سے بھی ایک ہے، وٹامن بی سکس متعدد جسمانی افعال بشمول بلڈ شوگر کو کنٹرول کرنے اور ہیموگلوبن (ایسا مالیکیول جو خون کے سرخ خلیات میں آکسیجن لے جاتا ہے) بننے وغیرہ کے لیے ضروری ہوتا ہے۔

پستے وٹامن بی سکس سے بھرپور غذاؤں میں سے بھی ایک ہے، وٹامن بی سکس متعدد جسمانی افعال بشمول بلڈ شوگر کو کنٹرول کرنے اور ہیموگلوبن (ایسا مالیکیول جو خون کے سرخ خلیات میں آکسیجن لے جاتا ہے) بننے وغیرہ کے لیے ضروری ہوتا ہے

خیال میں اس کی ایک ممکنہ وجہ اس میں موجود چکنائی ہے جو پوری طرح جسم میں جذب نہیں ہوتا۔ کیلوریز پائی جاتی ہیں جبکہ اخروٹ کی اتنی مقدار میں 185 کیلوریز ہوتی ہے۔ دوسری جانب پروٹین کے حوالے سے پستے بادام کے بعد دوسری اہم ترین گری ہے۔ پستوں میں امینو ایسڈز کی شرح بہت زیادہ ہوتی ہے جو پٹھوں کی صحت کے لیے بہت ضروری ہوتے ہیں جبکہ یہ امینو ایسڈز اس لیے بھی ضروری ہیں کیونکہ جسم خود انہیں بنا نہیں سکتا، اور وہ غذا کے ذریعے ہی حاصل کیے جاتے ہیں۔ اس گری میں ایک امینو ایسڈ ایل ارگینی بھی موجود ہوتا ہے جو جسم میں جا کر نائٹرک آکسائیڈ میں بدل جاتا ہے، یہ ایسا مرکب ہے جو شریانوں کو کشادہ کرنے کے ساتھ خون کی روانی میں مدد دیتا ہے۔ ایک تحقیق میں دریافت کیا گیا کہ روزانہ 40 گرام پستے تین ماہ تک کھانے سے شریانوں یکی اندرونی جھلی کے افعال اور شریانوں کی اکڑن میں بہتری دیکھنے میں آئی۔ دوران خون ٹھیک رہنا بھی متعدد جسمانی افعال کو ٹھیک رکھنے کے لیے ضروری ہے۔

بلڈ شوگر میں کمی

کاربوہائیڈریٹس کی زیادہ مقدار ہونے کے باوجود پستے کم گلیسمک انڈیکس والی غذاؤں میں شامل ہے، یعنی اس سے بلڈ شوگر تیزی سے نہیں بڑھتا۔ تحقیقی رپورٹس کے مطابق پستے صحت مند بلڈ شوگر لیول کو برقرار رکھنے میں مدد دیتا ہے۔

ایک تحقیق میں دریافت کیا گیا کہ کھانے کے بعد 56 گرام پستے کھانا صحت مند بلڈ شوگر ردعمل دینے کے ساتھ اس میں 20 سے 30 فیصد کمی آتی ہے۔ ایک اور تحقیق میں دریافت کیا گیا کہ ذیابیطس ٹائپ ٹو کے مریضوں کی جانب سے اس گری کے استعمال سے خالی پیٹ بلڈ شوگر 9 فیصد کمی آتی ہے۔ تو پستوں کا اپنی غذا میں اضافہ طویل المعیاد بنیادوں پر بلڈ شوگر لیول کو کنٹرول کرنے میں مدد دے سکتا ہے۔

چھلکوں والے پستے

کھانے میں وقت زیادہ لگتا ہے اور ان چھلکوں کو دیکھ کر معلوم ہوجاتا ہے کہ کتنی گریاں کھائی ہیں۔

معدے میں صحت کے لیے فائدہ مند بیکٹریا کی مقدار بڑھائے

پستے فائبر سے بھرپور ہوتے ہیں اور یہ جز نظام ہاضمہ میں پوری طرح ہضم نہیں ہوتا، کچھ اقسام کے فائبر معدے میں موجود بیکٹریا کی غذا بنتے ہیں جو پروبائیوٹکس کا کام کرنے لگتے ہیں۔ یہ بیکٹریا فائبر کو شارٹ چین فیٹی ایسڈز میں بدل دیتا ہے جو متعدد طبی فوائد کا باعث بن سکتا ہے، نظام ہاضمہ کے امراض، کینسر اور امراض قلب کا خطرہ کم ہوتا ہے۔

بلڈ پریشر اور کولیسٹرول کی سطح میں کمی

پستے مختلف طریقوں سے امراض قلب کا خطرہ کم کرتے ہیں، اینٹی آکسائیڈنٹس کے ساتھ ساتھ یہ گری بلڈ کولیسٹرول میں کمی اور بلڈ پریشر کو کشادہ کرنے کے ساتھ خون کی روانی میں مدد دیتا ہے۔ ایک تحقیق میں دریافت کیا گیا کہ روزانہ 49 گرام پستے تین ماہ تک کھانے سے شریانوں یکی اندرونی جھلی کے افعال اور شریانوں کی اکڑن میں بہتری دیکھنے میں آئی۔ دوران خون ٹھیک رہنا بھی متعدد جسمانی افعال کو ٹھیک رکھنے کے لیے ضروری ہے۔

بلڈ شوگر میں کمی

کاربوہائیڈریٹس کی زیادہ مقدار ہونے کے باوجود پستے کم گلیسمک انڈیکس والی غذاؤں میں شامل ہے، یعنی اس سے بلڈ شوگر تیزی سے نہیں بڑھتا۔ تحقیقی رپورٹس کے مطابق پستے صحت مند بلڈ شوگر لیول کو برقرار رکھنے میں مدد دیتا ہے۔

ایک تحقیق میں دریافت کیا گیا کہ کھانے کے بعد 56 گرام پستے کھانا صحت مند بلڈ شوگر ردعمل دینے کے ساتھ اس میں 20 سے 30 فیصد کمی آتی ہے۔ ایک اور تحقیق میں دریافت کیا گیا کہ ذیابیطس ٹائپ ٹو کے مریضوں کی جانب سے اس گری کے استعمال سے خالی پیٹ بلڈ شوگر 9 فیصد کمی آتی ہے۔ تو پستوں کا اپنی غذا میں اضافہ طویل المعیاد بنیادوں پر بلڈ شوگر لیول کو کنٹرول کرنے میں مدد دے سکتا ہے۔

معدے میں صحت کے لیے فائدہ مند بیکٹریا کی مقدار بڑھائے

پستے فائبر سے بھرپور ہوتے ہیں اور یہ جز نظام ہاضمہ میں پوری طرح ہضم نہیں ہوتا، کچھ اقسام کے فائبر معدے میں موجود بیکٹریا کی غذا بنتے ہیں جو پروبائیوٹکس کا کام کرنے لگتے ہیں۔ یہ بیکٹریا فائبر کو شارٹ چین فیٹی ایسڈز میں بدل دیتا ہے جو متعدد طبی فوائد کا باعث بن سکتا ہے، نظام ہاضمہ کے امراض، کینسر اور امراض قلب کا خطرہ کم ہوتا ہے۔

بلڈ پریشر اور کولیسٹرول کی سطح میں کمی

پستے مختلف طریقوں سے امراض قلب کا خطرہ کم کرتے ہیں، اینٹی آکسائیڈنٹس کے ساتھ ساتھ یہ گری بلڈ کولیسٹرول میں کمی اور بلڈ پریشر کو کشادہ کرنے کے ساتھ خون کی روانی میں مدد دیتا ہے۔ ایک تحقیق میں دریافت کیا گیا کہ روزانہ 40 گرام پستے تین ماہ تک کھانے سے شریانوں یکی اندرونی جھلی کے افعال اور شریانوں کی اکڑن میں بہتری دیکھنے میں آئی۔ دوران خون ٹھیک رہنا بھی متعدد جسمانی افعال کو ٹھیک رکھنے کے لیے ضروری ہے۔

اینٹی آکسائیڈنٹس سے بھرپور

اینٹی آکسائیڈنٹس صحت کے لیے لازمی ہوتے ہیں کیونکہ یہ خلیات کو ہونے والے نقصان کی روک تھام کرنے کے ساتھ مختلف امراض جیسے کینسر کا خطرہ کم کرتے ہیں۔ کسی بھی گری کے مقابلے میں پستوں میں اینٹی آکسائیڈنٹس کی مقدار سب سے زیادہ ہوتی ہے، صرف اخروٹ ہی اس حوالے سے پستے سے بہتر ہوتا ہے۔ ایک تحقیق میں دریافت کیا گیا کہ روزانہ کچھ مقدار میں پستے کھانے کشادہ کرسکتی ہے جس سے بھی امراض قلب کا خطرہ کم ہوتا ہے۔ مختلف تحقیقی رپورٹس میں ثابت ہوتا ہے کہ پستے کولیسٹرول کی سطح میں کمی لانے میں مدد دے سکتے ہیں۔ نقصان دہ کولیسٹرول کے شکار افراد پر ایک تحقیق میں دریافت کیا گیا کہ پستے کھانے سے کولیسٹرول کی شرح میں 9 فیصد کمی دیکھنے میں آئی، جبکہ دن کی 20 فیصد کیلوریز اس گری سے حاصل کرنا کولیسٹرول کی شرح میں 12 فیصد تک کمی آسکتی ہے۔

خون کی شریانوں کے لیے مفید

خون کی شریانوں کی اندرونی جھلی کے درست افعال بہت ضروری ہوتی ہے اور اس میں خرابی امراض قلب کا خطرہ بڑھاتی ہے۔ پستوں میں ایک امینو ایسڈ ایل ارگینی بھی موجود ہوتا ہے جو جسم میں جا کر نائٹرک آکسائیڈ میں بدل جاتا ہے، یہ ایسا مرکب ہے جو شریانوں کو کشادہ کرنے کے ساتھ خون کی روانی میں مدد دیتا ہے۔ ایک تحقیق میں دریافت کیا گیا کہ روزانہ 40 گرام پستے تین ماہ تک کھانے سے شریانوں یکی اندرونی جھلی کے افعال اور شریانوں کی اکڑن میں بہتری دیکھنے میں آئی۔ دوران خون ٹھیک رہنا بھی متعدد جسمانی افعال کو ٹھیک رکھنے کے لیے ضروری ہے۔

بلڈ شوگر میں کمی

کاربوہائیڈریٹس کی زیادہ مقدار ہونے کے باوجود پستے کم گلیسمک انڈیکس والی غذاؤں میں شامل ہے، یعنی اس سے بلڈ شوگر تیزی سے نہیں بڑھتا۔ تحقیقی رپورٹس کے مطابق پستے صحت مند بلڈ شوگر لیول کو برقرار رکھنے میں مدد دیتا ہے۔

ایک تحقیق میں دریافت کیا گیا کہ کھانے کے بعد 56 گرام پستے کھانا صحت مند بلڈ شوگر ردعمل دینے کے ساتھ اس میں 20 سے 30 فیصد کمی آتی ہے۔ ایک اور تحقیق میں دریافت کیا گیا کہ ذیابیطس ٹائپ ٹو کے مریضوں کی جانب سے اس گری کے استعمال سے خالی پیٹ بلڈ شوگر 9 فیصد کمی آتی ہے۔ تو پستوں کا اپنی غذا میں اضافہ طویل المعیاد بنیادوں پر بلڈ شوگر لیول کو کنٹرول کرنے میں مدد دے سکتا ہے۔

کچن کی دنیا

مشروم زاور چیز ڈونٹس

اجزاء: میدہ دو پیالی، مشروم زچار سے چھ عدد، چیڈر چیز آدھی پیالی، شملہ مرچ ایک عدد، لہسن پسا ہوا ایک چائے کا چمچ، نمک حسب ذائقہ، خشک خمیر ایک چائے کا چمچ، دودھ آدھی پیالی، چینی ایک کھانے کا چمچ، انڈا ایک عدد، پیاز ایک عدد درمیانی، کالی مرچ گدری پسی ہوئی ایک چائے کا چمچ، چلی ساس چار کھانے کے چمچ، ٹماٹو کیچپ حسب ضرورت، کوکنگ آئل تلنے کیلئے حسب ضرورت۔

ترکیب: نیم گرم دودھ میں ایک چائے کا چمچ چینی اور خمیر ڈال کر اس سے پندرہ منٹ کے لئے ڈھک کر گرم جگہ پر رکھ دیں۔ میدے میں نمک انڈہ چار کھانے کے چمچ، کوکنگ آئل اور چینی ڈال کر ملائیں پھر خمیر ملے دودھ سے اچھی طرح گوندھ لیں، اسے گوندھتے ہوئے خاص طور پر ہتھیلیوں کا استعمال کریں اور دس سے بارہ منٹ تک خوب اچھی طرح گوندھیں۔ پھر ڈھک کر پندرہ سے بیس منٹ تک گرم جگہ پر رکھیں، دوبارہ سے گندھائی کر کے پھر ڈھک کر گرم جگہ پر اتنی دیر رکھیں کہ اچھی طرح پھول



جائے۔ مشروموز کو باریک کاٹ کر رکھ لیں اور پیاز کو باریک آملیٹ کی طرح چوپ کر لیں۔ فرائینگ پین میں ایک کھانے کا چمچ کوکنگ آئل ڈال کر اس میں پیاز کو ہلکا سا نرم ہونے تک فرائی کریں پھر اس میں نمک ادرک لہسن اور کالی مرچ اور مشروموز ڈال کر ملائیں۔ آخر میں اس میں شملہ مرچ، چلی ساس اور کش کیا ہوا چیز ڈال کر چولہے سے اتار کر ٹھنڈا کر لیں۔ گندھے ہوئے آٹے کے چھوٹے پیڑے بنائیں اور درمیان میں تیار کیا ہوا مکسچر بھر کر اچھی طرح دبا کر بند کر دیں۔ کڑاہی میں کوکنگ آئل کو دو سے تین منٹ درمیانی آنچ پر گرم کریں اور ڈونٹس کو سنہرا فرائی کر لیں۔

چائنیز اسٹائل کڑاہی

اجزاء: چکن آدھا کلو، نمک حسب ذائقہ، ادرک لہسن پسا ہوا ایک کھانے کا چمچ، سفید مرچ پسی ہوئی آدھا چائے کا چمچ، کالی مرچ پسی ہوئی آدھا چائے کا چمچ، ہری پیاز تین عدد، ٹماٹر کا پیسٹ آدھی پیالی، چلی ساس دو کھانے کے چمچ، سرکہ ایک کھانے کا چمچ، سویا ساس ایک کھانے کا چمچ، فریش کریم آدھی پیالی، بڑی ہری مرچیں دو سے تین عدد، کوکنگ آئل آدھی پیالی۔

ترکیب: اس ڈش کو بنانے کے لئے بغیر ہڈی کے چکن استعمال کریں، چکن کو دھو کر اس کی مناسب سائز کی بوٹیاں کاٹ لیں۔ ہری پیاز ڈنٹھل اور پتوں کو علیحدہ علیحدہ کاٹ کر رکھ لیں۔ کڑاہی میں آدھی پیالی کوکنگ آئل ڈال کر درمیانی آنچ پر رکھیں اور اس میں ہری پیاز کا سفید والا حصہ ڈال دیں۔ ہلکی سی نرم ہونے تک فرائی کریں پھر اس میں ادرک لہسن، نمک، سفید مرچ اور کالی مرچ ڈال کر ساتھ ہی ٹماٹر کا پیسٹ ڈال دیں۔ دو سے تین منٹ بھون کر اس میں چکن ڈال کر بھونیں، سرکہ اور سویا ساس ڈال کر ڈھک کر پکنے رکھ دیں۔ پھر اس میں کریم ڈال کر آٹھ سے دس منٹ ہلکی آنچ پر پکائیں اور ہری مرچیں ڈال کر دم پر رکھ دیں۔ تین سے چار منٹ بعد ہری پیاز کی پتیاں



چھڑک کر چولہے سے اتار لیں۔

فلوٹنگ آئی لینڈ

اجزاء: دودھ آدھا لیٹر، انڈے دو عدد، چینی آدھی پیالی، کوکو پاؤڈر حسب پسند۔

ترکیب: دودھ کو بڑے پھیلے ہوئے پین میں ابالنے کیلئے رکھیں اور ابال آنے پر اس میں چینی شامل کر دیں۔ ہلکی آنچ پر دودھ کو گاڑھا ہونے تک پکائیں۔ انڈوں کی سفیدی اور زردی کو احتیاط سے علیحدہ کر لیں۔ انڈے کی زردیوں کو کانٹے سے ہلکا سا پھینٹ کر رکھ لیں۔ سفیدیوں کو صاف خشک پیالے میں ڈال کر الیکٹرک بیٹر سے اتنا پھینٹیں کہ سخت ہو جائے۔ انڈے کی زردیوں میں دو سے تین کھانے کے چمچ، دودھ ملا کر پھینٹ لیں۔ پھر دودھ کی آنچ ہلکی کر کے اسے پھینٹتے ہوئے اس میں زردی شامل



کر دیں (چمچ مسلسل چلاتے رہیں)۔ پھینٹی ہوئی سفیدی کو پائپنگ بیگ یا چمچ سے دودھ میں تھوڑے تھوڑے فاصلے سے ڈالیں۔ چار سے پانچ منٹ پکا کر چولہے سے اتار لیں۔

گیہوں کا میٹھا

اجزاء: حلیم کے گیہوں 250 گرام، دودھ ایک لیٹر، چینی ایک پیالی، کنڈینسڈ ملک ایک پیالی، چھوٹی الائچی چھ سے آٹھ عدد، بادام آدھی پیالی، پستے آدھی پیالی، کوکنگ آئل ایک کھانے کا چمچ۔

ترکیب: گیہوں کو اچھی طرح دھو کر چار پیالی پانی میں بھگو کر رکھ دیں۔ بادام پستوں کو باریک کاٹ لیں اور الائچی کے دانے نکال کر رکھ لیں۔ دو سے تین گھنٹے میں جب گیہوں اچھی طرح پھول جائے تو اسے پانی سمیت بلینڈر میں بلینڈ کر لیں، ساتھ ہی الائچی کے دانے اور آدھی پیالی بادام پستے بھی شامل کر لیں۔ پین میں کوکنگ آئل



ڈال کر گیہوں کا مکسچر ڈالیں اور ہلکی آنچ پر پکنے رکھ دیں تو درمیان میں لکڑی کے چمچ سے چلائیں)۔ جب پانی خشک ہونے پر آ جائے تو اس میں دودھ ڈالیں اور تیس سے چالیس منٹ پکائیں، پھر اس میں چینی اور کنڈینسڈ ملک ڈال کر اچھی طرح ملائیں اور آنچ ہلکی کر کے توے پر رکھ دیں۔ اس کو حسب پسند گاڑھا ہونے تک پکائیں اور بہترین ذائقہ دینے کے لئے رات پھر ہلکی آنچ پر چھوڑ دیں۔

دودھ پارے

اجزاء: دودھ آدھا لیٹر، مکئی کا آٹا آدھی پیالی، انڈے دو عدد، چینی ایک پیالی، ونیلا ایسنس چند قطرے، ڈبل روٹی کا چورا حسب ضرورت، کوکنگ آئل حسب ضرورت۔

ترکیب: دودھ کو صاف پین میں ابال کر چولہے سے اتاریں اور اچھی طرح ٹھنڈا کر لیں۔ پھر اس میں تھوڑا تھوڑا کر کے مکئی کا آٹا ڈال کر اچھی طرح ملا لیں۔ چینی شامل کر کے پین کو ہلکی آنچ پر چولہے پر رکھیں۔ مسلسل چمچ چلاتے ہوئے اتنی دیر پکائیں کہ مکسچر گاڑھا ہو جائے اور حلوے کی طرح سمٹ کر پین کے درمیان میں آ جائے۔ چولہے سے اتار کر ونیلا ایسنس ڈال دیں اور چکنی کی ہوئی چوکور ڈش میں پھیلا کر نکال دیں۔ فریج میں رکھ کر ٹھنڈا کر لیں۔ ایک پیالے میں انڈوں کو پھینٹ کر رکھ لیں اور ایک طرح ڈبل روٹی کا چورا نکال کر رکھ لیں۔ مکسچر کو ٹھنڈا ہونے پر فریج سے نکالیں اور چھری کو گرم پانی میں ڈبوتے ہوئے اس کے چوکور ٹکڑے کاٹ لیں۔ کڑاہی میں



کوکنگ آئل کو درمیانی آنچ پر گرم کریں اور دودھ پاروں کو پہلے پھینٹتے ہوئے انڈے میں ڈبوئیں پھر ڈبل روٹی کے چورے میں رول کریں اور کوکنگ آئل میں سنہرے فرائی کر لیں۔

افغانی سوس کباب

اجزاء: قیمہ آدھا کلو، ادرک لہسن ایک کھانے کا چمچ، نمک ایک چائے کا چمچ، کٹی پیاز ایک عدد، کالی مرچ ایک چائے کا چمچ، گرم مصالحہ آدھا چائے کا چمچ، گٹا زیرہ آدھا چائے کا چمچ، ہرا دھنیا اور ہری مرچ حسب ضرورت، بریڈ سلائس ایک عدد، انڈا ایک عدد۔

سوس کیلئے اجزاء: تیل ¼ کپ، ٹومیٹو پیوری آدھا کپ، پسی لال مرچ ایک چائے کا چمچ، گٹا ہوا دھنیا ایک چائے کا چمچ، گٹا زیرہ ایک چائے کا چمچ، کالی مرچ آدھا چائے کا چمچ، نمک آدھا چائے کا چمچ، گرم مصالحہ آدھا چائے کا چمچ، سمبال اولیک ایک کھانے کا چمچ، سوس دو کھانے کے چمچ، کریم (گارنش کیلئے) دو کھانے کے چمچ۔

ترکیب: کباب بنانے کیلئے چوپر میں تمام اجزاء ڈال کر گرائینڈ کریں اور اسموتھ پیسٹ بنا لیں۔ اب ان کے کباب بنا کر ایک طرف رکھ دیں۔ سوس بنانے کیلئے تیل گرم کر کے اس میں سوس کے تمام اجزاء آدھا کپ پانی کے ساتھ ڈالیں اور پانچ منٹ پکائیں۔ اب اس میں کباب ڈال کر دس منٹ پکا لیں۔ کٹے ہرے دھنیے سے گارنش کر کے کریم سے ڈرل کریں۔



روزنامہ قوت لاہور
بانی چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض

صنعت وتجارت نیوز

معیشت نامہ

محکمہ پولیس نے عمران احمد کو عمدہ کارکردگی پر سب انسپکٹر کے عہدہ پر پروموٹ کر دیا

عمران احمد چوہان کی والدہ محترمہ اور ملک شہزاد چشتی نے عمران احمد چوہان کو سب انسپکٹر کا رینک لگایا



گوجرانوالہ (رانا ظفر اقبال قوت بیورو) محکمہ پولیس نے عمران احمد چوہان کو ان کی عمدہ اور شاندار کارکردگی پر سب انسپکٹر کے عہدہ پر پروموٹ کر دیا، عمران احمد چوہان کے سب انسپکٹر پروموٹ ہونے پر عمران احمد چوہان کی والدہ محترمہ اور ملک شہزاد چشتی نے عمران احمد چوہان کو سب انسپکٹر کا رینک لگایا اور ان کی کامیابی کیلئے دعاؤں سے نوازتے ہوئے مستقبل کیلئے نیک خواہشات کا اظہار کیا، بعد ازاں عمران احمد چوہان نے سب انسپکٹر کے عہدہ پر پروموٹ ہونے کی خوشی میں دوست احباب نے ان کے اعزاز میں شاندار عشائیہ کا اہتمام بھی کیا، عشائیہ کی میں تقریب میں کاروباری شخصیت اللہ رکھا، جوائنٹ سیکرٹری پرنٹ میڈیا ایسوسی ایشن و چیف ایڈیٹر امجاد ملک شہزاد چشتی، کاروباری شخصیت رانا ابوبکر سینئر گورائیہ، رانا وحید سینئر گورائیہ، سابقہ چیئرمین لیاقت علی ڈوگر، احسن خان پنجاب پولیس، رانا ابرار (ابرار الیکٹرونکس والے) ضلعی جنرل سیکرٹری بین المذاہب امن کمیٹی پاکستان شفقت اشرف خاں، محمد اقبال (صوبیدار پاک آرمی) سمیت نے شرکت کی اور عمران احمد کو سب انسپکٹر کے عہدہ پر پروموٹ ہونے پر مبارکباد پیش کی اور نیک تمناؤں کا اظہار کیا۔

ضلع کی خوبصورتی، صفائی ستھرائی، سٹریٹ لائٹس کی تنصیب کا عمل جاری

شہروں میں سیوریج کے مسائل کے دیرپا حل کیلئے پلان تیار کیا گیا ہے: ڈپٹی کمشنر



ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) ضلع کی خوبصورتی، صفائی ستھرائی، سٹریٹ لائٹس کی تنصیب، پبلک پارکس کی بحالی، روڈ ٹوپی کی مرمت و بحالی، سیوریج مسائل کے حل کا جامع نظام تشکیل دیا گیا ہے، شہروں میں سیوریج کے مسائل کے دیرپا حل کیلئے آئندہ 20 سے 30 سال تک کی ضروریات کو مدنظر رکھ کر پلان تیار کیا گیا ہے۔ ان خیالات کا اظہار ڈپٹی کمشنر ننکانہ صاحب محمد تسلیم اختر راہو نے شہر میں جاری ترقیاتی کاموں کے جائزے کے دوران کیا۔ اسسٹنٹ کمشنر ننکانہ جیہہ مرین، ٹی او میونسپل کمیٹی راو انوار سمیت دیگر افسران بھی ڈی سی کے ہمراہ تھے۔ ڈی سی نے مختلف پارکس کی تزئین و آرائش کے جاری کاموں کا جائزہ لیا اور متعلقہ افسران کو جلد تر قابل منصوبوں کو مکمل کرنے کے احکامات بھی جاری کیے۔ انہوں نے شہر کے مختلف بازاروں میں صفائی ستھرائی کا جائزہ لیا اور تاجران سے ملاقات بھی کی۔ ڈی سی ننکانہ نے تاجران سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ٹریفک نظام کی بہتری اور شہر کی خوبصورتی کیلئے تاجر برادری کا تعاون ناگزیر ہے، ناجائز تجاوزات کاروبار میں سہولت کاری اور معاونت کرنے کی بجائے تاجر برادری کو بھی قانون کا احترام اور پابندی کرنا ہوگی۔

کنوینیر اتحاد گروپ محمد خالد وسیم کی کاوشیں لائق تحسین ہیں: چوہدری قمر

ماڈل ٹاؤن سوسائٹی فرزند سیالکوٹ کی قیادت میں مثالی سوسائٹی ہے۔ ممبر سوسائٹی



سیالکوٹ (خواجہ عامر جاوید) ممبر ماڈل ٹاؤن سوسائٹی و سابق بینک منیجر علی قمر نے کہا ہے کہ ماڈل ٹاؤن سوسائٹی کو مثالی بنانے کے لیے خالد وسیم کی کاوشیں قابل قدر اور قابل تحسین ہیں مرکزی جامع مسجد کے سامنے گراؤنڈ کی چار دیواری کو مکمل کیا جا رہا ہے اور یہاں پر شجرکاریوں کو مکمل کود کے بہتر مواقع میسر آئیں گے محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ اور ان کی پوری ٹیم خدمات قابل قدر ہیں جو دن رات ماڈل ٹاؤن سوسائٹی کی تعمیر و ترقی کے لیے کوشاں رہتے ہیں محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ کی حکمت اور دانائی کا گراف بلند ہے کہ وہ ہمیشہ بھلائی کے کاموں اور فلاح و بہبود کے لیے تر جیحاً پیش پیش رہتے ہیں ممبران ماڈل ٹاؤن سوسائٹی سے گزارش ہے کہ تعمیر و ترقی کو اور زیادہ مثبت اور مستحکم بنانے کے لیے اپنے بقایا جات اور واجبات بروقت ادا کریں تاکہ تمام کام وقت پر مکمل ہو سکیں ہم سب ممبران ماڈل ٹاؤن سوسائٹی کی یہ ذمہ داری ہے کہ ہم اپنی اپنی ذمہ داریوں کو نبھاتے ہوئے ماڈل ٹاؤن سوسائٹی کی دلکش بھال کے ساتھ ساتھ اس کی تعمیر و ترقی کے لیے اپنا اپنا کردار ادا کریں

پریس کلب شیخوپورہ کی تالہ بندی کے خلاف صحافیوں کا احتجاج 17 ویں روز بھی جاری

پنجاب حکومت سے مطالبہ کیا گیا کہ پریس کلب کی غیر قانونی بندش کا فوری نوٹس لیکر اسے ڈی سیل کرنے کا اعلان کرے

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) پریس کلب شیخوپورہ کی تالہ بندی کے خلاف صحافیوں کا احتجاج 17 ویں روز بھی جاری رہا اور پنجاب حکومت سے مطالبہ کیا گیا کہ پریس کلب کی غیر قانونی بندش کا فوری نوٹس لیکر اسے ڈی سیل کرنے کا اعلان کرے کلب کی بندش کے باعث متاثر ہونے کا اندیشہ ہے، یہ بات صدر پریس کلب مبشر حسن بٹ، جنرل سیکرٹری فاروق ملک اور گروپ لیڈر رانا محمد عثمان نے صحافیوں کے احتجاجی کیمپ میں گفتگو کرتے ہوئے کہی، اس موقع پر چیئرمین سپریم کونسل امجد ندیر بٹ، سینئر وائس چیئرمین الحاج ملک محمد بوٹا اور وائس چیئرمین عبدالحمید بھٹی و دیگر موجود تھے، مقررین نے کہا کہ پریس کلب کی بندش آزادی صحافت پر سوالیہ نشان ہے اس حوالے سے پی ایف یو جے کی قیادت کو بھی آگاہ کیا جا چکا ہے۔

ماہ صیام میں سہولت بازاروں کے قیام کے سلسلہ میں تیاریاں مکمل کی جائیں

عوام کو سستے داموں اشیائے خورونوش کی فراہمی کے سلسلہ میں اقدامات کو حتمی شکل دی جائے: ڈپٹی کمشنر



اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (جنرل) محمد ابراہیم ارباب نے کہا ہے کہ ماہ صیام میں سہولت بازاروں کے قیام کے سلسلہ میں تیاریاں مکمل کی جائیں اور عوام کو سستے داموں اشیائے خورونوش کی فراہمی کے سلسلہ میں اقدامات کو حتمی شکل دی جائے اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر (اے سی) ممتاز ڈسٹرکٹ آفیسر انڈسٹری محمد خلید بھٹی، چیف آفیسر میونسپل کمیٹی عمر نسیم، اے ڈی ایز ہوسٹاک سلیل اختر، فلور ملز و کریانہ ایسوسی ایشن اور سبزی و فروٹ منڈی کے نمائندے بھی موجود تھے۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر نے رمضان المبارک میں عوام کو سستی خوردونوش فراہم کرنے کے لیے ضلع کی تینوں تحصیلوں میں سہولت بازار قائم کرنے کے لیے انتظامات کو حتمی شکل دینے کے احکامات دیے، انہوں نے کہا کہ رمضان المبارک برکتوں کا مہینہ ہے اور ماہ مقدس میں خدا کی خوشنودی حاصل کرنے کے لیے آٹا، چینی، کریانہ، گوشت اور سبزیاں اور پھل مارکیٹ ریٹ سے کم داموں میں عوام کو فراہم کرنے کے لیے بھرپور تعاون کریں اور اس ماہ بابرکت میں شرح منافع کم رکھتے کرتے ہوئے سہولت بازاروں سٹالز لگا کر اشیائے خورد ونوش فروخت کریں

مہر لیاقت علی صابر نول کی والدہ کی کیلئے ایصال ثواب کیلئے محفل کا انعقاد

رسم قل خوانی ان آبائی گاؤں چاہ لاڑانوالہ شمالی، موضع لک بدھڑ، مدوکی روڈ تحصیل وضلع جھنگ میں ادا کی گئی



جھنگ (بیورو رپورٹ) مہر لیاقت علی صابر نول (جنرل منیجر انفراسٹرکچر، بحریہ انٹرنیشنل اسلام آباد)، مہر محمد اقبال شاد نول (PM بحریہ ٹاؤن راولپنڈی / اسلام آباد)، مہر عالم شیر نول (جیل پولیس راولپنڈی) کی والدہ محترمہ جو کہ گزشتہ روز انتقال کر گئی تھیں ان کے ایصال ثواب کیلئے رسم قل خوانی ان آبائی گاؤں چاہ لاڑانوالہ شمالی، موضع لک بدھڑ، مدوکی روڈ تحصیل وضلع جھنگ میں ادا کی گئی جس میں ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن جھنگ کے صدر مہر فرید نواز نول ایڈووکیٹ، سابق صدر بار سید ضیاء الحسنین کاظمی ایڈووکیٹ، مہر محمد صدیق نول ایڈووکیٹ، مہر حاکم علی نول SP (ر) پنجاب پولیس، مہر سرفراز خان نول نائب تحصیلدار، مہر محمد شریف خان نول ایڈووکیٹ، نوید احمد نت PM اومیگا ٹاؤن جھنگ، مہر باقر خان نول سابقہ DSP، مہر بشیر احمد نول ٹھیکیدار، سینئر صحافی و کالم نگار مہر محمد ریاض نول، مہر محمد یعقوب نول آف چک نمبر 514 ماموں کانجن، مہر غلام سرور نول، مہر تاج محمد جٹیانہ میاں سمیت وکلاء، صحافی، سیاسی و سماجی شخصیات سمیت ہر مکتب فکر کے لوگوں کی کثیر تعداد نے شرکت کی ایصال ثواب کی محفل سے حضرت مولانا عبدالغفور ملک نے محفل پاک سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ہم نام کے مسلمان رہ گئے ہیں۔

سرکل آفیسر اینٹی کرپشن ملک ندیم منور نے اے ایس آئی رشوت لیتے گرفتار کرلیا



سیالکوٹ (خواجہ عامر جاوید) سرکل آفیسر اینٹی کرپشن انسٹیمنٹ ایسکلیٹر ملک ندیم منور نے دوران کاروائی رشوت لیتے رنگے ہاتھوں اے ایس آئی گرفتار کر کے نشان زدہ نوٹوں سمیت عرفان نامی ایس آئی کو گرفتار کرلیا۔ شاکر نامی شہری کی درخواست پر فوری کاروائی کرتے ہوئے شہری سے 40 ہزار روپے رشوت وصول کرنے والے اے ایس آئی سے نشان زادہ نوٹ برامد کر کے بھگڑی لگا دی گئی۔ فرض شناس ملک ندیم منور سرکل آفیسر اینٹی کرپشن نے سول جج کے ہمراہ چھاپہ مارا اور نشان زدہ نوٹ پولیس اہلکار اے ایس آئی عرفان سے برآمد کر لیے اے ایس آئی عرفان نے شہری سے ایکسٹینٹ تیس بن گاڑی کی پیرداری کروانے کے عوض رشوت وصول کی رشوت طلب کرنے کے بعد پولیس نے سرکل آفیسر اینٹی کرپشن ملک ندیم نے اپنی ٹیم کے ہمراہ چھاپہ مارا اس کو گرفتار کرلیا ہے

پاکستان سپورٹس گڈز و جرمن امپورٹرز کے درمیان ایم او یو سائن ہو گیا

چیئرمین سپورٹس گڈز خواجہ مسعود اختر نے جرمن امپورٹرز ایسوسی ایشن کیساتھ دستخط کئے



سیالکوٹ (خواجہ عامر جاوید) پاکستان سپورٹس گڈز مینوفیکچررز اینڈ ایکسپورٹرز ایسوسی ایشن کے چیئرمین ستارہ امتیاز خواجہ مسعود اختر نے جرمن امپورٹرز ایسوسی ایشن کے ہمراہ پروقار تقریب میں ایم او یو سائن کیا جس کے تحت جرمنی پاکستان سپورٹس گڈز مینوفیکچررز اینڈ ایکسپورٹرز کی کوالٹی پراڈکٹس امپورٹ کرنے پہلے سے زیادہ پاکستان کیساتھ اپنے تجارتی حجم کو بڑھائے گا۔ اس موقع پر دونوں ممالک کے تاجر گروپس نے ایک دوسرے کے ساتھ خیر سگالی کا اظہار کیا۔ اس موقع پر سپورٹس گڈز ایسوسی ایشن کے وفد نے خواجہ مسعود اختر کے ہمراہ سیکرٹری جنرل سپورٹس گڈز مینوفیکچررز اینڈ ایکسپورٹرز ایسوسی ایشن محسن مسعود و دوفی میل سٹاف کے ساتھ تقریب میں شرکت کی۔ جرمن امپورٹرز ایسوسی ایشن چیئرمین کا کہنا تھا کہ جرمنی پاکستان کو اپنا دیرینہ دوست ملک سمجھتا ہے نصف صدی سے زائد پاک جرمن سفارتی، تجارتی، ثقافتی وسماجی تعلقات پر ہمیں فخر ہے۔ پاک جرمن بزنس کمیونٹی ایم او یو سائن ہونے کے بعد ہر دو دوست ممالک کے مابین باہمی کاروباری و دوستانہ روابط مزید مستحکم ہونگے۔

پریس کلب رجسٹرڈ فاروق آباد کی تقریب حلف برداری میونسپل کمیٹی میں منعقد



فاروق آباد (حافظ عثمان ہاشمی) پریس کلب رجسٹرڈ کی پروقار تقریب حلف برداری میونسپل کمیٹی فاروق آباد میں منعقد ہوئی، جس میں چیف آفیسر بلدیہ جاوید چوہان نے نو منتخب مجلس عاملہ عہدیداران سے حلف لیا، نو منتخب مجلس عاملہ میں صدر میاں لیاقت علی، جنرل سیکرٹری حافظ عثمان علی ہاشمی، محمد شفیق وڑائچ سینئر نائب صدر، طاہر وقاص نائب صدر، رانا طاہر فنانس سیکرٹری، میاں سلامت علی اطلاعات سیکرٹری، عزیز اقبال قریشی جوائنٹ سیکرٹری اور رانا محمد ارشد آفس سیکرٹری شامل ہیں، جبکہ سینئر کونسل کے واس چیئرمین ظہیر احمد خاں اور رانا نبیل عظمت بھی حلف تقریب کا حصہ بنے، تقریب میں شہر کی معزز شخصیات نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی، جن میں صدر انجمن تاجران شیخ شہزاد انجم، سربراہ عوامی اتحاد میاں عمران صدیقی، سیکرٹری انچارج تھانہ سٹی فاروق آباد عبدالسلام گجر، صدر اتحاد امن کونسل رانا عثمان خان، صدر تاجران لاری اڈا احمد مقبول پہلوان، ایڈمن فاؤنٹین ہاؤس سعید بہار، سرپرست اتحاد امن کونسل حاجی محمد شریف سمیت، گروپ لیڈر محمد عمران ہاشمی، میاں نعیس، سمیت تمام پریس کلب ممبران نے شرکت کی، مہمانوں نے پریس کلب کے نو منتخب عہدیداران کو مبارکباد دی اور ان کے صحافتی کردار کو سراہتے ہوئے امید ظاہر کی کہ آزادی صحافت کے فروغ، عوامی مسائل کے حل اور مثبت صحافتی سرگرمیوں میں اپنا موثر کردار ادا کریں گے۔

گورنمنٹ گریجویٹ کالج میں پنجابی ماں بولی دیہاڑ کی رنگارنگ تقریب

ڈاکٹر ظہیر حسن وٹو، ڈاکٹر محمد سرفراز اور ڈاکٹر محمد عمران نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) گورنمنٹ گریجویٹ کالج جامعہ محمدی شریف بھوانہ میں ہر سال کی طرح پنجابی ماں بولی دیہاڑ کی رنگارنگ تقریب منعقد کی گئی۔ اس موقع پر گورنمنٹ کالج یونیورسٹی لاہور سے ڈاکٹر تبسم اسحاق، ڈاکٹر ظہیر حسن وٹو، ڈاکٹر محمد سرفراز اور ڈاکٹر محمد عمران نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی تقریب کا آغاز انٹرمیڈیٹ کے طلبہ کے روایتی استقبال سے ہوا، جنہوں نے ڈھولک کی تھاپ پر بھنگڑا اور جھمر پیش کر کے مہمانوں کو خوش آمدید کہا۔ اس دوران کالج کی فضا مکمل طور پر پنجابی ثقافت کے رنگ میں رنگی نظر آئی۔ مولانا محمد ذاکر ہال کو خاص طور پر پنجابی ثقافتی رنگوں سے سجایا گیا تھا، جہاں تقریب کا باقاعدہ آغاز تلاوت قرآن پاک اور نعت رسول مقبول سے کیا گیا اور ان اقدامات کا مقصد عوام الناس اور بلڈنگ کی حفاظت کو یقینی بنانا ہے تاکہ کسی بھی ہنگامی صورتحال میں جانی و مالی نقصان سے محفوظ رہا جا سکے۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ ریسکیو 1122 کی بلڈنگ سیفٹی کی ٹیمیں پورے ضلع بھی سروے کرنے میں مصروف عمل ہیں تاکہ کثیر منزلہ عمارتوں میں حفاظتی اقدامات کو یقینی بنایا جا سکے۔

جہلم کالا گجراں میں بوسیدہ مکان کی چھت گرنے سے بچی ہلاک

ریسکیو عملے نے ملبے تلے سے بچی کی نعش نکال کر سول اسپتال منتقل کر دی



جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم کالا گجراں میں بوسیدہ مکان کی چھت گر گئی۔ ملبے تلے دب کر سات سالہ بچی جاں بحق تفصیلات کے مطابق جہلم کالا گجراں میں بوسیدہ مکان کی چھت گرنے سے کمرے میں موجود سات سالہ بچی ملبے تلے دب کر جانبحق ہوگئی واقع کی اطلاع ملتے ہی ریسکیو عملے نے ملبے تلے سے بچی کی نعش نکال کر سول اسپتال منتقل کر دی پوسٹ مارٹم کا کہنا ہے کہ بچی ایمبلی کمرے میں سو رہی تھی ایمبلی کے لوگ کمرے سے باہر تھے بارش کا پانی چھت پر جمع ہونے سے چھت بوجھ برداشت نہ کر سکی اور زمین بوس ہوگئی جسکے نتیجے میں بچی جان بحق ہوئی ہے۔

محبت کی شادی جرم بن گئی اثر ورسوخ سے غریب رشتے دار کو جیل پہنچا دیا

پولیس کا ساز باز ہو کر نکاح کے باوجود اغوا کا مقدمہ درج

فیروز وٹواں (نامہ نگار) محبت کی شادی جرم بن گئی اثر ورسوخ سے غریب رشتے دار کو جیل پہنچا دیا، پولیس کا ساز باز ہو کر نکاح کے باوجود اغوا کا مقدمہ درج، من گھڑت بے بنیاد مقدمہ نے محبت کش کا رہائشی مکان چھین لیا، نوبت فاقوں تک آگئی متاثرہ جیملی انصاف کے لیے دربدر آئی جی پنجاب پولیس سے نوٹس لینے کا مطالبہ۔ تفصیلات کے مطابق چک نمبر 575 دارِ برڑن کے رہائشی اشفاق مسیح نے صحافیوں کو بتایا کہ اس کے بیٹے عمران مسیح نے اپنے رشتے دار رمشا بی بی کو باہمی رضا مندی سے ساتھ لے جا کر چرچ شیخوپورہ میں نکاح کر لیا تھا جس کا ذاتی عناد کے تحت دو ماہ کے بعد رمشا بی بی کے چچا نے تھانہ دارِ برڑن میں مقدمہ نمبر 365 / 24 مورخہ 19 / 5 / 24 برخلاف اشفاق مسیح کے بیٹے عمران مسیح اور تین کس نامعلوم ملزمان درج کروا دیا جبکہ عمران مسیح نے 13 / 3 / 24 کو رمشا بی بی سے نکاح کر لیا تھا اس دوران لڑکی کے بھائی آصف افراہیم مسیح نے تھانہ بی ڈویژن پولیس شیخوپورہ سے ساز باز ہو کر ایک اور مقدمہ نمبر 764 / 24 رمشا بی بی کی دوسری بہن جانیکا کے اغواء کا جھوٹا مقدمہ عمران مسیح اس کے والد والدہ بہن اور بھائی کے خلاف درج کروا دیا جو من گھڑت بے بنیاد اور ثبوت نہ ملنے کے بناء پر خارج ہو گیا۔ جبکہ دارِ برڑن پولیس نے غریب محبت کش کے بیٹے کے خلاف مقدمہ میں عمران مسیح کو مدعی سے ساز باز ہو کر عمران مسیح کو ملزم بنا دیا۔ اشفاق مسیح نے دارِ برڑن پولیس پر الزام عائد کرتے ہوئے بتایا کہ متعلقہ تفتیشی افسر عمران مسیح کو بے گناہ کرنے کے لیے دو لاکھ روپے بھی لے چکا ہے۔

مشنر ساہیوال کا اندرون سوڑی گلی تجاوزات دور کرنے میں سست روی پر اظہار ناراضگی

تجاوزات ہٹانے کا کام غیر معینہ مدت تک جاری نہیں رکھا جا سکتا



ساہیوال (مہر اے ڈی سیم سپرا سے) کمشنر ساہیوال ڈویژن شعیب اقبال سید کا اندرون سوڑی گلی میں تجاوزات دور کرنے میں سست روی پر اظہار ناراضگی، تجاوزات ہٹانے کا کام غیر معینہ مدت تک جاری نہیں رکھا جا سکتا، اسسٹنٹ کمشنر ساہیوال کو ٹائم لائن کے مطابق بازار سے تجاوزات ہٹانے کی ہدایت۔ تفصیلات کے مطابق شہر کے مختلف بازاروں کا دورہ کرتے ہوئے انہوں نے اندرون سوڑی گلی کے تاجروں کی طرف سے ازخود تجاوزات ہٹانے میں سست روی پر ناراضگی کا اظہار کیا اور اسسٹنٹ کمشنر ساہیوال اور چیف آفیسر ایم سی کو ہدایت کی کہ جاری کام کی خود نگرانی کریں اور اسے جلد مکمل کرائیں۔ انہوں نے بجلی کی تاروں کو کور کرنے کے کام میں سست روی پر بھی ناراضگی کا اظہار کرتے ہوئے واپڈا حکام کو جلد کام مکمل کرنے کی ہدایت کی۔ انہوں نے مختلف سڑکوں پر کھڑے پانی کو فوری نکالنے اور گرائی گئی تجاوزات کا ملبہ اٹھانے کی بھی ہدایت کی۔ انہوں نے کہا کہ تجاوزات کے خلاف جاری مہم کے دوران قانون کی خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف سخت کاروائی عمل میں لائی جائے۔ فرید ٹاؤن میں تجاوزات کے خلاف جاری مہم کے حوالے سے ہدایات جاری کرتے ہوئے کمشنر شعیب اقبال سید نے کہا کہ فی الحال مہم کو کمرشل ایریا تک محدود رکھا جائے جبکہ دوسرے مرحلے میں رہائشی علاقوں میں کاروائیاں کی جائیں۔ بعد ازاں انہوں نے مال منڈی چوک اور کالج روڈ پر جاری تعمیراتی کام کا بھی تفصیلی جائزہ لیا۔

شریں پورہ گاؤں کے قریب خوفناک حادثہ، 1 جاں بحق 8 زخمی

ڈرائیور فرار، کیری ڈبہ مکمل تباہ ہو گیا: بس شکر گڑھ جا رہی تھی

نارنگ منڈی (نمائندہ خصوصی) شاہدرہ کالا خطائی روڈ پر شریف پورہ کے قریب بس اور ایوری ڈبہ کے درمیان خوفناک تصادم جواں سالہ لڑکی جاں بحق جبکہ خاتون سمیت 8 افراد شدید زخمی ریسکیو 1122 نے موقع پر پہنچ کر زخمیوں کو ہسپتال منتقل کر دیا ڈرائیور موقع سے فرار خوفناک حادثے کے بعد راہگیر مسافروں نے اپنی مدد آپ کے تحت زخمیوں کو باہر نکالا بتایا گیا کہ شاہدرہ کالا خطائی شاہراہ شریف پورہ کے قریب نارووال جانے والی مسافر بس سامنے سے آنے والے کیری ڈبہ سے ٹکرا گئی اور درخت سے جا ٹکرائی تصادم سے کیری ڈبہ میں سوار ایک جوان سالہ لڑکی جاں بحق جبکہ بس اور کیری ڈبہ میں خواتین سمیت 8 افراد شدید زخمی ہو گئے تمام زخمی افراد کو ہسپتال منتقل کر دیا گیا بس ڈرائیور موقع سے فرار ہو گیا پولیس نے بس قبضہ میں لے کر قانونی کاروائی کا آغاز کر دیا ہے۔

شادی سے انکار پر محبوبہ نے گولی مار کر اپنے عاشق کو قتل کر دیا

پولیس نور شاہ نے مقدمہ مقتول کے بھائی محمد اکرام کی مدعیت میں 302 ت پ درج کر کے ملزمہ سمیرا کو گرفتار کر لیا

کھیمبر اوکاڑہ چھاؤنی (نامہ نگار) کھیمبر تھانہ نور شاہ کے علاقے میں اکٹھے رہتے ہوئے شادی سے انکار پر محبوبہ نے گولی مار کر اپنے عاشق کو قتل کر دیا مقدمہ درج مجرمہ گرفتار۔ تفصیلات کے مطابق چک 189 نواے ایل کے عثمان وغیرہ رانا پولٹری فارم پر قیام پذیر تھے اور چک 66 جی ڈی کے ظفر اقبال مسلم شیخ کی بیٹی سمیرا دوستی کی بنیاد پر عثمان کے ساتھ رہ رہی تھی اور دونوں نے شادی کے عہد و پیما کر رکھے تھے کہ گزشتہ روز سمیرا اور عثمان میں شادی کے مسئلہ پر دونوں میں جھگڑا ہو گیا جب عثمان چارپائی پر سو رہا تھا تو فارم کا پسٹل اٹھا کر میرا نے عثمان کے سر میں گولی مار دی۔ پولیس نور شاہ نے مقدمہ مقتول کے بھائی محمد اکرام کی مدعیت میں 302 ت پ درج کر کے ملزمہ سمیرا کو گرفتار کر لیا۔

نوجوان کی نعش برآمد: ورثاء کے حوالے کر دی گئی

نارنگ منڈی (نمائندہ خصوصی) شاہدرہ کالا خطائی روڈ غازی کا کے قریب نوجوان کی نعش برآمد فیض سے مبینہ طور پر آئس کا نشہ کرنے والے آلات بھی برآمد ریسکیو 1122 نے دیہی مرکز صحت نارنگ منتقل کر دیا جہاں سے ورثاء کے حوالے کر دیا گیا شناخت ثاقب ولد نذیر سکنہ بدوملہی کے نام سے ہوئی ہے متوفی دو بچوں کا باپ ہے آئس کا نشہ کرنے والے آلات برآمد ہونے پر خدشہ ظاہر کیا جا رہا ہے کہ مبینہ طور پر آئس کا نشہ کرنے کی وجہ سے موت واقع ہوئی۔

حافظ آباد شہر میں موٹر سائیکل چرائے جانے کی وارداتیں عروج پر پہنچ گئیں

حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) حافظ آباد شہر میں موٹر سائیکل چرائے جانے کی وارداتیں عروج پر پہنچ گئیں۔ سٹی پولیس موٹر سائیکل چرانے والے ملزمان کے سامنے بے بس دیکھائی دینی لگی۔ متاثرہ شہری تھانے کے چکر لگا لگا کر ذلیل ہونے لگے۔ پولیس متاثرین کو لولی پاپ دیکر گھر بھیجنے لگی۔ تفصیلات کے مطابق حافظ آباد شہر میں اب تک سینکڑوں کی تعداد میں موٹر سائیکل چرائے جا چکے ہیں پولیس ان موٹر سائیکل چوروں کو گرفتار کرنے کی بجائے صرف اپنی نام نہاد کارکردگی کے ڈنکے بجانے میں مصروف ہے۔ جبکہ شہر میں موٹر سائیکل چرائے جانے کی وارداتیں دن بدن بڑھتی چلی جا رہی ہیں۔ شہریوں نے نئے تعینات ہونے والے ڈی پی او سے مطالبہ کیا ہے کہ گذشتہ مہینوں میں چوری ہونے والی موٹر سائیکلوں کا ریکارڈ طلب کر کے ان موٹر سائیکلوں کو برآمد کروایا جائے۔

بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے افسران کی حوصلہ افزائی کا سلسلہ جاری

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) ڈی پی او اوکاڑہ محمد راشد ہدایت کی جانب سے بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے افسران کی حوصلہ افزائی کا سلسلہ جاری ہے اوکاڑہ پولیس کی کارکردگی کو اخبارات، مین سٹریم میڈیا اور ڈیجیٹل میڈیا پر اجاگر کرنے کیساتھ ساتھ پولیس کے بے شمار روز مرہ کے اقدامات کی تشہیر و ترویج پر پی آر او ٹو ڈی پی او سب انسپکٹر عرفان سندھو کو ان کی خدمات پر ڈی پی او اوکاڑہ نے اسپیشل لیٹر سے نوازا ڈسٹرکٹ ایمرجنسی آفیسر انتشام الحق اوکاڑہ میں کثیر منزلہ عمارتوں کا دورہ، فائر اینڈ بلڈنگ سیفٹی کے حوالے سے کیے جانے والے انتظامات کا جائزہ لیا

حافظ شاف علی کھانڈ نے نجی تعلیمی ادارہ میں طلباء کو پاکستان اور نوجوانوں کی ذمہ داریاں سیشن میں مفصل لیکچر دیا

بانی پاکستان قائداعظم محمد علی جناح اور انکے رفقاء نے اسلامی تشخص کی روشنی میں مملکت خداداد کے حصول کیلئے دو قومی نظریہ پیش کیا



سیالکوٹ (خواجہ عامر جاوید) جناح کا پاکستان کے سینئر لیگل کونسلر پنجاب حافظ شاف علی کھانڈ نے جی سی ای ادارہ میں طلباء کو پاکستان اور نوجوانوں کی ذمہ داریاں سیشن میں تفصیل سے لیکچر دیا۔ طلباء کمیت شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ بطور مسلمان ہماری ذمہ داری ہے کہ ہم انسانیت کیلئے مفید ثابت ہوں۔ بانی پاکستان قائداعظم محمد علی جناح اور انکے رفقاء نے اسلامی تشخص کی روشنی میں مملکت خداداد کے حصول کیلئے دو قومی نظریہ پیش کیا اور پھر اس کو اپنا مقصد بنائے ہوئے تحریک پاکستان کے اپنے عظیم وطن عزیز پاکستان حاصل کیا۔ آج وطن عزیز کو کرائسس کا سامنا ہے تو اس کی زمہ دار ہی تمام اسٹیک ہولڈرز، بحوں قوم پر بھی آتی ہے اور تجرانی کیفیت سے انتحکام کیلئے بحیثیت پاکستانی ہم سب کو اپنے پیارے وطن کیلئے معاشی و معاشرتی استحکام کیلئے قومی بیچتی کا مظہر بن کر عدم برداشت و دشام طرازی کو چھوڑ کر مشترکہ جہود جہد کرنا ہے۔ مشکلات کا حل مکمل دانمندی و تدبر میں مضمر ہے۔

جہلم: ون ڈش پالیسی پر سختی سے عمل درآمد کا فیصلہ

شادی ہالز میرج گارڈنز مارکیز اور تقریبات میں ون ڈش پالیسی کی خلاف ورزی پر سخت قانونی کارروائی ہوگی

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت پر ون ڈش پالیسی پر سختی سے عمل درآمد کا فیصلہ ڈپٹی کمشنر سید محمد منیم عباس کی ضلع جہلم کی چاروں تحصیلوں کے اسسٹنٹ کمشنرز کو ون ڈش پالیسی پر سختی سے عمل درآمد کرنے کی ہدایت شادی ہالز میرج گارڈنز مارکیز اور تقریبات میں ون ڈش پالیسی کی خلاف ورزی پر سخت قانونی کارروائی ہوگی۔ اس حوالے سے گفتگو کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر سید محمد منیم عباس نے کہا کہ ✕ فضول خرچی اور غیر ضروری اخراجات کو روکنے کے لیے حکومت کا اہم اقدام ہے، عوام اس مہم کو کامیاب بنانے کے لیے انتظامیہ کے ساتھ تعاون کریں ون ڈش پالیسی پر عمل نہ کرنے والوں کے خلاف سخت ایکشن لیا جائے گا، چاروں تحصیلوں میں شادی ہالز اور تقریبات کی سخت سے مانیٹرنگ ہوگی خلاف ورزی کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی ضلع بھر میں ون ڈش پالیسی یقینی بنانے کے لیے تمام تر وسائل بروئے کار لائے جائیں گے۔

اللہ دتہ نسیم کی ریٹائرمنٹ کے موقع پر یادگار تقریب کا انعقاد

گورنمنٹ ہائیر سیکنڈری سکول 58-اے جی ڈی میں سینئر اساتذہ مہر اللہ یار کاٹھیا، محمد امجد، سلیم اقبال و دیگر نے شرکت کی



ساہیوال (مہر اے ڈی سیم سپرا سے) گورنمنٹ ہائیر سیکنڈری سکول 58-اے جی ڈی میں سینئر اساتذہ مہر اللہ یار کاٹھیا، محمد امجد، سلیم اقبال، اللہ دتہ نسیم کی ریٹائرمنٹ کے موقع پر یادگار تقریب کا انعقاد کیا گیا جس میں ایڈیشنل ڈائریکٹر ایجوکیشن محمد اکرام، ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر سیکنڈری خادم حسین موبل اور ماہرین تعلیم ملک علی شیر نعیم و محمد اشفاق بھٹی اور پبلسٹی آفیسر ڈسٹرکٹ گورنمنٹ ناصر جعفری سمیت معززین علاقہ اور اساتذہ کرام کی بڑی تعداد نے شرکت کی

روزنامہ ''قوت'' لاہور (7) ہفتہ 22 فروری 2025ء

''قوت'' کلاسیفائیڈ



انتہائی اہم اشتہارات نیک نیتی کے جذبہ سے شائع کئے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں ادارہ کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا، اشتہارات صاف اور بڑے سطر پر ایک طرف لکھے ہوئے چاہئیں کٹے پھٹے اور مشکوک الفاظ والے اشتہارات غلط شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی۔

042-3636003 (آفس آورز)

گمشدگی کا نوٹس

میری HONDA70 موٹر سائیکل بس کا انجن نمبر HA2947457 اور چیسس نمبر E577974 گم ہوگیا ہے۔ اشخاص علم رہیں اگر کسی نے خریدنا ہو تو مجھ سے رابطہ کرے۔ (محمد ظہیر عباس، ساکن چوک مہتہ)

ٹینڈر نوٹس

نمبر 1 موٹر کار واقع گرے نہر چوراہہ جو نہر واصل ریواے آئی ایس پی ایف کے مطابق علاقے میں مریدکے جاری ہے، پاکستان کی سیکیورٹی فورسز ملک کے دشمنوں کو ختم کرنے کے لیے کلیئرنس آپریشن کر رہی ہیں، پاکستان کی سیکیورٹی فورسز ملک کے کونے کونے سے دہشت گردوں کا خاتمہ کر رہی ہیں، وزیر اعظم شہباز شریف نے خیبر پختونخوا کے ضلع کرم کا دورہ کیا، وزیر اعظم نے ضلع کرم میں سیکیورٹی فورسز کے افسران اور جوانوں سے ملاقات کی، وزیر اعظم نے خیبر پختونخوا ک

پاکستان فلسطین کی اخلاقی، سفارتی اور طرح کی مدد جاری رکھے گا، وزیر اعظم

فلسطینی بھائیوں کے ساتھ دل دھڑکتے ہیں، اخلاقی و سفارتی مدد جاری رکھیں گے، برادر اسلامی ممالک سے تجارت میں اضافے کے خواہاں ہیں، عثمان ڈینگلہ ویش کے وزراء سے گفتگو

ٹریفک میں بہاؤ میں اضافے کے باوجود حادثات میں کمی اور ریونیو میں اضافہ کررہے ہیں اور سگنل کو محفوظ بنانے کے لئے جدید تقاضوں سے ہم آہنگ پالیسیوں پر عمل پیرا ہیں، وفاقی وزیر

مراکش (خبرنگار) فلسطین کے وزیر اٹارنیجنرل طارق حسنی زارب اور وفاقی وزیر مواصلات ہنجکاری و سرمایہ کاری بورڈ عبدالعلیم خان کے مابین مراکش میں تفصیلی ملاقات ہوئی جس میں وفاقی وزیر عبدالعلیم خان نے فلسطین کے وزیر اٹارنیجنرل طارق حسنی زارب اور وفاقی وزیر مواصلات ہنجکاری، سرمایہ کاری بورڈ عبدالعلیم خان کے دورہ مراکش پر خیر سگالی کے جذبات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ پاکستانی عوام کے دل اپنے فلسطینی بھائیوں کے ساتھ دھڑکتے ہیں۔ پاکستان فلسطین کی اخلاقی سفارتی



فلسطین کے وزیر اٹارنیجنرل طارق حسنی زارب اور وفاقی وزیر مواصلات عبدالعلیم خان کی مراکش میں ملاقات

حماس نے ایک نامعلوم لاش حوالے کی ہے، اسرائیلی فوج

نامعلوم لاش خاتون قیدی شیری بیباس کی نہیں، حماس نے معاہدے کی خلاف ورزی کی، بیان

حل ابیب (این این آئی) اسرائیلی فوج نے کہا ہے کہ حماس کی جانب سے حوالے کی جانے والی لاش نامعلوم خاتون قیدی شیری بیباس نہیں ہے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق اتوار کے روز اسرائیلی فوج نے جمعے کی صبح اعلان میں بتایا کہ حماس کی جانب سے حوالے کی جانے والی چار لاشوں میں سے ایک لاش نامعلوم شخص کی ہے اور وہ یرغمالی نہیں ہے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق اتوار کے روز اسرائیلی فوج نے کہا ہے کہ حماس کی جانب سے حوالے کی جانے والی چار لاشوں میں سے ایک لاش نامعلوم خاتون کی ہے اور وہ اغوا کی جانے والی اسرائیلی شہری شیری بیباس ک